آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز اتوار 18 اکتوبر 2020ء بمطابق 30 صفر المظفر 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 283

اپوزیشن اپنی چوریاں چھپانے کیلئے نیب میں ترمیم کرنا چاہتی ہے، پرویز خٹک

اپوزیشن میں شامل سیاسی جماعتوں کی قیادت اپنی چوریاں چھپانے کیلئے اکٹھی ہوئی ہیں، جب پی ٹی آئی کی حکومت اقتدار میں آئی تو اس وقت ملک قرضوں میں ڈوبا ہوا تھا

عمران خان نے ملک اور معیشت کو تباہی سے نکالنے کے لئے سخت فیصلے کئے اگر وہ ملک اور معیشت کو ٹھیک کرنے کا نہیں سوچتے تو ملک کبھی بھی ٹھیک نہ ہوتا

عمران خان کی قیادت میں پاکستان تحریک انصاف کی موجودہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں اپنی معیاد پوری کریں گی، وزیر دفاع کا صوابی میں خطاب

صوابی (این این آئی) وفاقی وزیر دفاع محمد پرویز خٹک نے دوٹوک الفاظ میں واضح کر دیا ہے کہ اپوزیشن میں شامل سیاسی جماعتوں کی قیادت اپنی چوریاں چھپانے کے لئے اکٹھی ہوئی ہیں اور اس مقصد کے لئے ان کی خواہش ہے کہ قومی احتساب بیورو کو ختم کیا جا سکے۔ لیکن ان کا یہ خواب کبھی پورا نہیں ہوگا بلکہ عمران خان کی قیادت میں پاکستان تحریک انصاف کی موجودہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں اپنی معیاد پوری کرے گی۔ عمران خان آج بھی پاکستان کے وزیر اعظم ہے جب کہ 2023 کے عام انتخابات میں دوبارہ پاکستان کا وزیر اعظم بنے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کی شام موضع کالا (صوابی) میں

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیر اعظم عمران خان ٹائیگر فورس کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:25
مغرب	6:20
عشاء	07:15
اہل تشیع فجر صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

نواز شریف کا حملہ آرمی چیف پر نہیں پوری فوج پر ہے، وزیر اعظم

اپوزیشن کا جلسہ سرکس، یہ گیدڑ دم دبا کر بھاگ گیا اور وہاں بیٹھ کر آرمی چیف اور ڈی جی آئی ایس آئی کیخلاف باتیں کر رہا ہے

حدیبیہ پیپر ملز کا مقدمہ بند ہوتا ہے تو عدلیہ اچھی ہے، 5 رکنی بینچ نواز شریف کو سزا دیتا ہے تو کیوں نکالا کہہ کر عدلیہ کو بدنام کرتا ہے، عمران خان

دونوں باپوں کی حرام کی کمائی پر بنے، ذخیرہ اندازوں کے خلاف موثر حکمت عملی کیلئے ٹائیگر فورس کی ضرورت ہے، ٹائیگر فورس مداخلت نہیں کر سکتی صرف تصویر کھینچ کر آگاہ کریگی، آئندہ مہنگی چینی نہیں ملے گی، ٹائیگر فورس کنونشن سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے حکومت مخالف اپوزیشن اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے پہلے جلسے کو سرکس قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ نواز شریف کا حملہ آرمی چیف پر نہیں پوری فوج پر ہے، یہ گیدڑ دم دبا کر بھاگ گیا اور وہاں بیٹھ کر آرمی چیف اور ڈی جی آئی ایس آئی کے خلاف باتیں کر رہا ہے، یہ شخص ضیاء الحق کے جوتے پالش کرتے وزیر اعظم بنا تھا، جب تک نواز شریف کیساتھ عدلیہ کھڑی ہے تب تک عدلیہ ٹھیک ہے، حدیبیہ پیپر ملز کا مقدمہ بند ہوتا ہے تو عدلیہ اچھی ہے، 5 رکنی بینچ نواز شریف کو سزا دیتا ہے تو کیوں نکالا کہہ کر عدلیہ کو بدنام کرتا ہے، نواز شریف سن لو، اب سے میری کوشش ہے تمہیں ملک میں واپس لایا جائے، عدلیہ اور نیب سیاسی ڈاکوؤں کے خلاف قانونی کارروائی جلد مکمل کریں، حکومت ہر طرح کی مدد دینے کو تیار ہے، اپوزیشن نے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

صوابی وزیر دفاع پرویز خٹک گلدنڈ کالا میں کنال توسیعی منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اداروں کیخلاف دشمنوں کی زبان استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، شبلی فراز

بلاول بھٹو زرداری اور خواجہ آصف نے انتہائی گھٹیا زبان استعمال کی، بلاول سے یہ توقع نہیں تھی

نواز شریف کا بیانیہ میجر کرونا یا اجیت ڈاول سے الگ تو نہیں، ان کو کیمرہ میں کوئی ریلیف نہیں دینگے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز نے کہا کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کا گوجرانوالہ کا جلسہ فلاپ شو تھا اور کسی کو اداروں کے خلاف دشمنوں کی زبان استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، بلاول بھٹو زرداری اور خواجہ آصف نے انتہائی گھٹیا زبان استعمال کی، بلاول سے یہ توقع نہیں تھی، ہم پوری طرح سے اداروں کے ساتھ کھڑے ہوئے ہیں، نواز شریف کا بیانیہ میجر کرونا یا اجیت ڈاول سے الگ تو نہیں، ان کو کیمرہ میں کوئی ریلیف نہیں دینگے۔ وفاقی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت کا چھٹی جماعت سے بارہویں جماعت تک طالبات کو ماہانہ وظائف دینے کا اعلان

منصوبے سے ایک لاکھ 10 ہزار طالبات مستفید ہوں گی اور اس مد میں سالانہ ایک ارب 20 کروڑ روپے خرچ ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں صوبائی حکومت نے لڑکیوں کی شرح تعلیم میں اضافے کے لیے چھٹی سے بارہویں جماعت کی طالبات کو ماہانہ وظائف دینے کا اعلان کیا ہے۔ سیکرٹری خزانہ بلوچستان نور الحق بلوچ کے مطابق چھٹی سے آٹھویں جماعت تک کی طالبات کو پانچ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

پاکستان کی بھارتی وزیر خارجہ کے لغو اور غیر ضروری بیان کی سختی سے مذمت

ریاستی دہشت گردی کا مرتکب بھارت خود کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر پیش نہیں کر سکتا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارتی وزیر خارجہ کے لغو اور غیر ضروری بیان کی سختی سے مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریاستی دہشت گردی کا مرتکب بھارت خود کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر پیش نہیں کر سکتا۔ اپنے بیان میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان بھارتی وزیر خارجہ کے لغو اور

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

مہنگائی سمیت دیگر چیلنجز ماضی کی کرپشن کی وجہ سے درپیش ہیں، بیرسٹر فروغ نسیم

کرپٹ سیاسی لیڈرشپ کی وجہ سے پاکستان کے حالات یہاں تک پہنچے، وزیر قانون

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر قانون بیرسٹر فروغ نسیم نے کہا ہے کہ مہنگائی سمیت دیگر چیلنجز ماضی کی کرپشن کی وجہ سے درپیش ہیں، کرپٹ سیاسی لیڈرشپ کی وجہ سے پاکستان کے حالات یہاں تک پہنچے، 73 سال سے سیاسی سماجی فرقہ پرستی اور مسائل سب کے سامنے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

لاہور وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد میڈیا کوارٹر میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نواز شریف الطاف حسین ٹو، ان کے ساتھ وہی ہوگا جو الطاف حسین کیساتھ ہوا ہے، شیخ رشید

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے نواز شریف کو الطاف حسین ٹو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ نواز شریف کے ساتھ بھی وہی ہوگا جو الطاف حسین کے ساتھ ہوا ہے، لندن سے نواز شریف کا سیاسی جنازہ ہی پاکستان آئے گا لیکن اب ان کی سیاست پاکستان واپس نہیں آ سکتی، نواز شریف نے گوجرانوالہ کے جلسے میں جو کردار ادا کیا

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کلاک میں گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں کلاک میں گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق جاں بحق ہو گئے نواں

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں پولیو وائرس کے مزید 2 نئے کیس رپورٹ ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں پولیو وائرس کے مزید 2 نئے کیس رپورٹ ہو گئے۔ محکمہ صحت بلوچستان کے مطابق

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

یارو کے مقام پر خوفناک ٹریفک حادثہ کے نتیجے میں خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق

پشین (آن لائن) ضلع پشین کے علاقے یارو کے مقام پر خوفناک ٹریفک حادثہ کے نتیجے میں خاتون سمیت 3 افراد جاں

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر کو سرسبز و شاداب بنانے کے حوالے سے کوئٹہ کے اہم شاہراہوں پر لگائے گئے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق کوئٹہ شہر کو سرسبز و شاداب بنانے کے حوالے سے کوئٹہ کے اہم شاہراہوں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی معائنہ ٹیم کارروائی، النصیب پولٹری، مٹن اینڈ بیف شاپ سیل کر دی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی معائنہ ٹیم نے عوامی شکایات موصول ہونے اور حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی پر جوائنٹ روڈ میں کارروائی کرتے ہوئے النصیب پولٹری، مٹن اینڈ بیف شاپ سیل کر دی۔ مذکورہ میٹ شاپ کے خلاف لوگوں کی جانب سے شکایت کی گئی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کراچی: فیکٹری ٹینک میں صفائی کرنیوالے 6 مزدور جاں بحق

کراچی (این این آئی) کراچی کے انڈسٹریل ایریا سائٹ میں ایک فیکٹری کے زیر زمین ٹینک میں صفائی کرنے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

ہائی کورٹ نے نمک ناکے کی بندش کا فیصلہ فوری معطل کرنے کی درخواست سماعت کے لیے منظور کر لی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے نمک ناکے کی بندش کا فیصلہ فوری معطل کرنے کی درخواست سماعت کے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں کورونا وائرس کے فعال کیسز کی تعداد 9 ہزار 174 ہو گئی، ستر مریض چل بسے

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں کورونا وائرس کے فعال کیسز کی تعداد 9 ہزار 174 ہو گئی، گزشتہ 24 گھنٹوں

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم کو پی ڈی ایم جلسے میں معاہدے کی خلاف ورزی کی رپورٹ بھجوا دی گئی

لاہور (این این آئی) پی ڈی ایم جلسے میں معاہدے کی خلاف ورزی پر اپوزیشن کو آئندہ جلسوں کی اجازت نہ دینے کی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

موصلاتی کمی ہر جگہ اساتذہ کو بھیجنا بہت مشکل ہو رہا ہے

سردار یار محمد رند

بلوچستان ملک کے 50 فیصد رقبے پر مشتمل ہے اس لیے تمام علاقوں تک رسائی مشکل ہے، موصلاتی سہولیات بھی بہت کم ہیں

ہر جگہ اساتذہ کو بھیجنا بہت مشکل ہو رہا ہے بلوچستان حکومت اس وقت چار ہزار روپے ماہانہ ایک بچے پر خرچ کر رہی ہے، صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان ملک کے 50 فیصد رقبے پر مشتمل ہے اس لیے تمام علاقوں تک رسائی مشکل ہے، موصلاتی سہولیات بھی بہت کم ہیں۔ ہر جگہ اساتذہ کو بھیجنا بہت مشکل ہو رہا ہے بلوچستان حکومت اس وقت چار ہزار روپے ماہانہ ایک بچے پر خرچ کر رہی ہے، ہماری حکومت کی کوشش کر رہی ہے کہ اخراجات کو کم کر کے اس رقم کو زیادہ سے زیادہ بچوں پر استعمال کریں تاکہ سکول سے باہر بچوں کو بھی تعلیم دی جا سکے بلوچستان نیشنل پارٹی کے رکن اسمبلی ثناء بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان بالخصوص بلوچستان میں شروع سے ہی خواتین کے ساتھ صنفی امتیاز برتا

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

پاکستان فیڈ رکینال کے تباہی کے ذمہ دار سابق وزراء ہیں، محمد خان لہڑی

حکومت نوجوان تعلیم یافتہ افراد کو میرٹ پر نوکریاں ڈگری ہولڈرز نوجوانوں میں پائی جانے والی مایوسیوں کا فوری خاتمہ چاہتی ہے

عوامی قوت سے کامیابی حاصل کی ہے واویلا کرنیوالوں سے کوئی سرٹیفکیٹ لینے کی ضرورت نہیں، صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت میر حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ پٹ فیڈر رکینال کے تباہی کے ذمہ دار سابق وزراء ہیں سابق وزراء کے دور میں پٹ فیڈر رکینال انسٹیلیشن کیلئے ان کے دور میں جب راجہ پرویز اشرف وزیر اعظم تھے 90 کروڑ روپے فراہم کیئے کہاں خرچ کیئے گئے جو کرپشن کی نظر ہوئے ابھی تک پٹ فیڈر رہا کے نام پر واویلا کرنے والے ٹھیکہ کے نام پر پانی بیچ رہے ہیں انہوں نے کہا کہ عوامی قوت سے کامیابی حاصل کی ہے واویلا کرنیوالوں سے کوئی سرٹیفکیٹ لینے کی ضرورت نہیں کیونکہ عوام نے انکو مسترد کیا ہے انہوں نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی بائی پاس پر اس نے ختم ہوگا بہت جلد بائی پاس کا کام شروع ہو جائے گا انہوں نے کہا کہ بلارنگ و نسل عوامی خدمت کر رہے ہیں انشاء اللہ عوامی مسائل اگلے دہلیز پر حل ہونگے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ حکومت نوجوان تعلیم یافتہ افراد کو میرٹ پر نوکریاں ڈگری ہولڈرز نوجوانوں میں پائی جانے والی مایوسیوں کا فوری خاتمہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم جلسے میں پاک فوج پر حملے کی مذمت نہ کرنا افسوسناک ہے، غلام سرور خان

پوری قوم فوج اور اپنے اداروں کے ساتھ ہے، پاکستان کی افواج ہماری سرحدوں کی محافظ ہیں

جعلی ڈگریوں کے باعث قومی ایئر لائنز (پی آئی اے) سے 17 پائلٹس سمیت 762 ملازمین کو نکالا گیا ہے، وفاقی وزیر

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر ہوا بازی غلام سرور خان نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم جلسے میں پاک فوج پر حملے کی مذمت نہ کرنا افسوسناک ہے، پوری قوم فوج اور اپنے اداروں کے ساتھ ہے، پاکستان کی افواج ہماری سرحدوں کی محافظ ہیں، یہود و ہنود کا ایجنڈا ہے پاکستان میں اداروں کو اداروں سے لڑایا جائے، ہم نواز شریف کو پاکستان کا دشمن تصور کریں گے، ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی سازشیں ناکام ہوں گی، ہماری نیت صاف ہے، انشاء اللہ میڈیا پر بھی قابو پالیں گے جعلی ڈگریوں کے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت کی کارکردگی مایوس کن ہے، شیخ جعفر خان مندوخیل

تبدیلی کے نام پر دعوے تو کئے گئے لیکن حکومت عوام کو ریلیف کی فراہمی مکمل ناکام ہو چکی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ کے صوبائی صدر و سابق صوبائی وزیر شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کی کارکردگی مایوس کن ہے تبدیلی کے نام پر دعوے تو کئے گئے لیکن حکومت عوام کو ریلیف کی فراہمی مکمل ناکام ہو چکی ہے، ادویات مہنگی، آٹا دال اور

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

عوام کرپٹ اور نااہل حکمرانوں سے تنگ آ چکی ہے، مولانا عبدالواسع

ملک میں اس وقت مہنگائی، بے روزگاری اور دیوالیہ معیشت کا راج ہے نااہل حکمران اپنی موج مستیوں میں مشغول ہے

نااہل حکمرانوں کی ناکام خارجہ پالیسیوں کے بدولت ملک کے دوست ممالک بھی اب پاکستان سے کنارہ کشی اختیار کرنے کیلئے سوچ رہے ہیں، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ پاکستان جمہوری تحریک کا گوجرانوالہ میں پہلا جلسہ اپنی کامیابی کے منازل طے کر کے آج کراچی میں نااہل حکمرانوں کے خلاف ایک اور عوامی ریفرنڈم کا مظاہرہ کرنے جا رہی ہے، عوام کرپٹ اور نااہل حکمرانوں سے تنگ آ چکی ہے یہی وجہ ہے کہ ملک کی جمہوری قوتوں نے پرامن تحریک کا آغاز کرتے ہوئے نااہل حکمرانوں کو گھر بھیجنے کیلئے تحریک شروع کر دی جس کے پہلے بہت جلد چور دروازے سے اقتدار میں آنے والے اپنے گھروں کو ہی راستے سے واپس لوٹ جائیں گے، 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں پی ڈی ایم کے زیر اہتمام ہونے والا جلسہ صوبے کی تاریخ میں کامیاب ترین جلسہ ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علماء اسلام کے دفتر سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ ملک میں اس وقت مہنگائی، بے روزگاری اور دیوالیہ معیشت کا راج ہے نااہل حکمران اپنی موج مستیوں میں مشغول ہے، پاکستان اس

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس نے تمام سرکاری ہسپتالوں کے پول کھول دیئے ہیں، ینگ ڈاکٹرز

بلوچستان میں سرکاری ہسپتالوں کی ابتر صورتحال اور سہولیات کی فقدان سے لوگوں کی مشکلات بڑھ گئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سرکاری ہسپتالوں کی ابتر صورتحال اور سہولیات کی فقدان سے لوگوں کی مشکلات بڑھ گئی ہے، بلوچستان میں کورونا وائرس نے تمام سرکاری ہسپتالوں کے پول کھول دیئے ہیں ینگ ڈاکٹرز کی جانب سے بلوچستان کے سرکاری ہسپتالوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی تک احتجاج کا سلسلہ جاری رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر یاسر خان اچکزئی و دیگر نے وائی ڈی اے بلوچستان کے زیر اہتمام صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کی عدم دستیابی اور پاکستان میڈیکل

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

بھارت کے منفی عزائم سے خطے کے تمام ہمسائیوں کو خطرہ ہے، ڈاکٹر معید یوسف

دنیا کو شائننگ انڈیا کا پتہ چل گیا ہے انڈیا کتنا چمک رہا ہے، دنیا میں اپنے اکنامک سیکورٹی کے بیانیے کو تسلیم کرا رہا ہے

دنیا کو کہہ رہے ہیں ہمارے پارٹنر ہیں، یہ زمانہ واپس نہیں آئیگا، وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے قومی سلامتی

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے قومی سلامتی ڈاکٹر معید یوسف نے کہا ہے کہ دنیا کو شائننگ انڈیا کا پتہ چل گیا ہے کہ انڈیا کتنا چمک رہا ہے، بھارت کے منفی عزائم سے خطے کے تمام ہمسائیوں کو خطرہ ہے، ہم امن کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہمارا بیانیہ امن اور خطے کو جوڑنا ہے، ہمیں دنیا میں اپنے اکنامک سیکورٹی کے بیانیے کو تسلیم کرانے کے لئے کام کرنا ہوگا، خطے میں راہداری بھی ہو سکتی ہے جب خطے میں امن ہوگا، ہم دنیا کو کہہ رہے ہیں آپ ہمارے ساتھ آ کر پارٹنر بنیں، یہ

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

وزارت داخلہ نے 5 ہزار 807 افراد کو بلیک لسٹ سے نکالنے کی سفارش کر دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزارت داخلہ نے بلیک لسٹ میں سے 5 ہزار 807 افراد کو نکالنے کی سفارش کی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزارت داخلہ کا بلیک لسٹ پاسپورٹس کے حوالے سے اہم اقدام سامنے آیا ہے، جائزہ کمیٹی نے بلیک لسٹ کیٹگری بی میں سے 5 ہزار 8 سو 7 افراد نکالنے کی سفارش کر دی ہے، بلیک لسٹ میں مجموعی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

راولپنڈی وفاقی وزیر ہوا بازی غلام سرور خان پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

غیر جمہوری حکومت نے تو انتخابات میں عوام کا حق چھین لیا، یاسمین لہڑی

ملک میں بالعموم ہر مکتبہ فکر اور بالخصوص خواتین کے ساتھ ناروا سلوک و پالیسیاں جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی خواتین سیکرٹری یاسمین لہڑی کی زیر صدارت خواتین ونگ کا اجلاس نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی خواتین سیکرٹری ڈاکٹر شمع اسحاق بلوچ مہران ورکنگ کمیٹی کلثوم نیاز بلوچ ثمینہ ظفر بلوچ، سمیرا بلوچ مریم رند سمیت دیگر کی شرکت۔ اجلاس میں 25 اکتوبر کو پی ڈی ایم کے جلسہ عام کی تیاریوں اور موبلائزیشن کے عمل جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں جلسہ عام میں انتظامی کمیٹی کی تشکیل دینے سمیت دیگر متعدد فیصلے کیے گئے۔ اس موقع پر

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

آذربائیجان میں میزائل حملہ، 10 افراد جاں بحق، 40 سے زائد زخمی

باکو (این این آئی) آذربائیجان میں میزائل حملے میں 10 افراد جاں بحق اور 40 سے زائد زخمی ہو گئے۔ آذربائیجان کے دوسرے بڑے شہر گانچ میں میزائل رہائشی علاقے میں گرا جس سے کئی گھر تباہ ہو گئے۔ آذربائیجان نے میزائل حملے کا ذمہ دار آرمینیا کو قرار دے دیا

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم بے روزگاروں اور چوروں کا گروپ ہے جو کہ صرف اپنی کرپشن بچانے کیلئے عوام کو سبز باغ دیکھا رہی ہے

پی پی پی اور پی ایم ایل ن نے کئی مرتبہ حکومت کی لیکن عوام کا کونسا مسئلہ حل کیا، صوبائی وزیر صنعت و حرفت

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما صوبائی وزیر صنعت و حرفت حاجی محمد خان طورانتان خیل نے کہا ہے کہ اپوزیشن جتنا بھی زور لگائے لیکن عوام انکے کہنے پر باہر نہیں نکلے گی پی ڈی ایم بے روزگاروں اور چوروں کا گروپ ہے جو کہ صرف اپنی کرپشن بچانے کیلئے عوام کو سبز باغ دیکھا رہی ہے انہوں نے کہا کہ پی پی پی اور پی ایم ایل ن نے کئی مرتبہ حکومت کی لیکن عوام کا کونسا مسئلہ حل کیا مگر خزانہ کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے والوں کو اپنی کرسی اور لوٹ مار کی یاد بہت ستا رہی ہے انہوں نے کہا کہ مہنگائی واقعی عوام کا ایک جائز مسئلہ ہے لیکن یہ بھی اپوزیشن کا پیدا کردہ مسئلہ ہے جسے حل کرنے کیلئے حکومت کو کچھ وقت ہمیں درکار ہے لوٹی گئی رقم قومی خزانے میں جمع ہونے کے بعد ملک میں بے روزگاری اور مہنگائی بتدریج کم ہوگی آج ملک میں کرپشن کا کوئی میگا سکینڈل نہیں

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ کے احکامات کی روشنی میں محکمہ فشریز کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ

گوادر (خ ن) ضلعی انتظامیہ کے احکامات کی روشنی میں محکمہ فشریز کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ 18 اکتوبر 2020 تا 21 اکتوبر 2020 کو سمندری طوفان اور تیز ہوا اس کے پیش نظر ماہی گیر سمندر میں شکار کرنے سے گریز اور احتیاطی تدابیر اپنائیں تاکہ کسی قسم کے نقصان و پریشانی سے محفوظ رہ سکیں۔

کلی درگئی سرگزہ کے علاقہ نری ڈاگ کے مقام پر ایک 35 سالہ شخص کی نعش ملی ہے

لورالائی (آن لائن) کلی درگئی سرگزہ کے علاقہ نری ڈاگ کے مقام پر ایک 35 سالہ شخص کی نعش ملی ہے جسکو فائرنگ کر کے ہلاک کیا گیا ہے جسکی شناخت نہیں ہو رہی ہے نعش کو لورالائی ہسپتال لایا گیا جہاں لیویز اسکی تفتیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی بقاء اور استحکام آئین کی بالادستی سے مشروط ہے، امان اللہ کنرانی

ملک و قوم نازک دور سے گزر رہے ہیں پاکستان میں حقیقی "انقلاب" تحریک شروع ہو گئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی نے کہا ہے پاکستان کی بقاء اور استحکام آئین کی بالادستی سے مشروط ہے ملک و قوم نازک دور سے گزر رہے ہیں پاکستان میں حقیقی "انقلاب" تحریک شروع ہو گئی ہے، پی ڈی ایم کے پہلے کامیاب جلسے نے عمران خان کی نااہل حکومت کے خلاف عوامی رائے کو سب کے سامنے عیاں کر دیا ہے۔ یہاں جاری کردہ اپنے ایک بیان میں امان اللہ کنرانی نے کہا کہ پی ڈی ایم نے پہلا کامیاب جلسہ کر کے ماضی قریب کی سیاسی تاریخ

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

صوبائی اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر گلدنڈ کالا میں کنال توسیعی منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اپوزیشن جتنا بھی زور لگائے لیکن عوام انکے کہنے پر باہر نہیں نکلے گی، طوطا مان خیل

پی ڈی ایم بے روزگاروں اور چوروں کا گروپ ہے جو کہ صرف اپنی کرپشن بچانے کیلئے عوام کو سبز باغ دیکھا رہی ہے

پی پی پی اور پی ایم ایل ن نے کئی مرتبہ حکومت کی لیکن عوام کا کونسا مسئلہ حل کیا، صوبائی وزیر صنعت و حرفت

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما صوبائی وزیر صنعت و حرفت حاجی محمد خان طورانتان خیل نے کہا ہے کہ اپوزیشن جتنا بھی زور لگائے لیکن عوام انکے کہنے پر باہر نہیں نکلے گی پی ڈی ایم بے روزگاروں اور چوروں کا گروپ ہے جو کہ صرف اپنی کرپشن بچانے کیلئے عوام کو سبز باغ دیکھا رہی ہے انہوں نے کہا کہ پی پی پی اور پی ایم ایل ن نے کئی مرتبہ حکومت کی لیکن عوام کا کونسا مسئلہ حل کیا مگر خزانہ کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے والوں کو اپنی کرسی اور لوٹ مار کی یاد بہت ستا رہی ہے انہوں نے کہا کہ مہنگائی واقعی عوام کا ایک جائز مسئلہ ہے

غیر جمہوری حکومت نے اپوزیشن کو پرامن احتجاج کرنے کی اجازت دے چکا ہے، نور محمد دمڑ

احتجاج اپوزیشن کا جمہوری حق ہے اور حکومت نے اپوزیشن کو پرامن احتجاج کرنے کی اجازت دے چکا ہے

کرپٹ ٹولے کو پہلے ہی جلسے میں شکست کے بعد عوام کا لوٹا ہوا پیسہ واپس کرنے کی طرف گامزن ہونا چاہیے، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ ایک درجن سے زائد اپوزیشن جماعتیں مل کر بھی پورے ملک سے بھی جلسے میں چند ہزار ہی لوگوں کو پہ مشکل اکٹھے کر سکے جن میں بھی اکثر بیروزگار لوگوں کو دیہاڑی دے کر جلسے میں شریک کیا گیا تھا میاں نواز شریف کی جانب سے اپنے خطاب میں پاک فوج کو اپنے تقریر میں نشانہ بنانے اور پی ڈی ایم جلسے کو ہمارے دشمن ملک بھارتی میڈیا چینل کی جانب برائے راست کوریج دینے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ احتجاج اپوزیشن کا جمہوری حق ہے اور حکومت نے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

ظلم و جبر اور استحصالی نظام سے نجات حاصل کئے بغیر مثبت تبدیلی نہیں آئے گی، سراج الحق

چہروں کی تبدیلی میں قوم کے 73 سال ضائع ہو گئے، اب عوام کو نظام کی تبدیلی کیلئے اٹھنا ہوگا، سینیٹر

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ چہروں کی تبدیلی میں قوم کے 73 سال ضائع ہو گئے، اب عوام کو نظام کی تبدیلی کیلئے اٹھنا ہوگا، ظلم و جبر اور استحصالی نظام سے نجات حاصل کئے بغیر مثبت تبدیلی نہیں آئے گی، تبدیلی کے خواب چکنا چور ہو چکے ہیں اور ابھی حکمرانی کے جتنے بھی اشارے تھے وہ الٹ سمت جا رہے ہیں، حکومت کے سارے اقدامات نمائشی ہیں، حکومت دو سال میں ہی اپنی مقبولیت کھو چکی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

عمران خان اپوزیشن کے لیے ناشائستہ زبان استعمال کر رہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

18 اکتوبر 2020ء

کورونا کی وبا اور عام آدمی کی معاشی حالت

گیلپ پاکستان کے سروے کے انکشاف کے مطابق 85 فیصد پاکستانی کورونا کے باعث آمدن کم ہونے پر شدید پریشان ہیں، سروے میں گھر کی بنیادی ضروریات پوری کرنے کیلئے کھانا کم کھانے، سستی غذائی اشیاء استعمال کرنے اور رشتہ داروں سے مدد مانگنے والوں کی شرح میں بھی اضافہ دیکھا گیا۔ کورونا کی وبا سے عام آدمی کی معاشی حالت مزید خراب ہوئی ہے جس میں اب تک بہتری نہیں آسکی۔ اس بات کا انکشاف گیلپ پاکستان کے حالیہ سروے میں ہوا جس میں ملک بھر سے 2100 سے زائد افراد کا حصہ لیا۔ یہ سروے 9 ستمبر سے 2 اکتوبر کے درمیان کیا گیا۔ سروے میں کورونا کی وبا کے دوران گھریلو آمدنی میں کمی کی شکایت پاکستانی عوام کی اکثریت نے کی۔ گزشتہ سروے میں 84 فیصد افراد نے آمدن میں کمی ہونے کا کہا تھا جب کی موجودہ سروے میں یہ شرح 85 فیصد نظر آئی جبکہ آمدن میں کوئی فرق نہ کہنے والوں کی شرح 16 فیصد سے کم ہو کر 14 فیصد ہوگئی اسی طرح گھر کی بنیادی ضروریات پوری کرنے کیلئے کھانے میں کمی کا گزشتہ سروے میں 09 فیصد افراد نے کہا تھا لیکن موجودہ سروے میں ایسا کہنے والوں کی شرح 3 فیصد اضافے کے بعد 12 فیصد ہوگئی۔ گھر کی بنیادی ضروریات پوری کرنے کیلئے سستی غذائی اشیاء کے استعمال کا کہنے والے افراد کی شرح گزشتہ سروے میں 10 فیصد تھی جو 6 فیصد اضافے کے بعد اب 16 فیصد پر آگئی ہے۔ گزشتہ سات دنوں میں بنیادی ضروریات کیلیے رشتہ داروں یا عزیزوں سے مدد لینے کا کہنے والے افراد کی شرح گزشتہ سروے کے مقابلے میں 10 فیصد اضافے کے بعد اب 21 فیصد پر آگئی ہے۔ سروے میں یہ دیکھا گیا کہ گھریلو ضروریات پوری کرنے کیلئے عوام کا انحصار جمع پونجی پر کم ہو رہا ہے۔ گزشتہ سروے میں 10 فیصد افراد نے جمع پونجی استعمال کرنے کا بتایا تھا جب کے موجودہ سروے میں 6 فیصد نے ایسا کرنے کا کہا۔ مگر یہ تعداد بھی ملکی آبادی کے تناسب سے 72 لاکھ بنتی ہے۔ سروے میں دیکھا گیا کہ اخراجات پورے کرنے کے لیے گزشتہ سروے کی طرح موجودہ سروے میں بھی 11 فیصد افراد نے ذرائع آمدن بڑھانے پر غور کرنے کا کہا ہے۔ حکومت اور این جی اوز سے امداد لینے کا کہنے والے افراد کی شرح بھی گزشتہ سروے کے مقابلے میں 01 فیصد اضافے کے بعد 04 فیصد ہوگئی ہے۔ موجودہ سروے میں گھر کے اخراجات پورے کرنے کیلئے اپنے اثاثے بیچنے کا کہنے والے افراد کی شرح میں بھی اضافہ ہوا۔ گزشتہ سروے میں 5 فیصد نے اثاثے بیچنے کا کہا تھا جبکہ موجودہ سروے میں 7 فیصد افراد نے ایسا کرنے کہا۔ آبادی کے تناسب سے گیلپ پاکستان کے مطابق یہ شرح 84 لاکھ بنتی ہے۔ ملکی آبادی ایک بہت بڑا حصہ ایسا بھی جن تک رسائی مشکل ہے جس میں زیادہ تر علاقے بلوچستان کے ہیں جہاں شاید ہی کوئی توجہ دے دیتا ہے۔

سرسید احمد خاں کا یوم پیدائش اور مسلم یونیورسٹی کے سو سال

سرسید احمد خاں (17 اکتوبر 1817ء۔ 27 مارچ 1898ء) نے ایک بڑی اور معیاری یونیورسٹی کا

ڈاکٹر سید احمد قادری

جو خواب بھی دیکھا تھا، اس خواب کی تعبیر کے لئے انھوں نے 1875ء میں محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کی داغ بیل ڈالی تھی اور جسے 1920ء میں یونیورسٹی کا درجہ حاصل ہوا تھا۔ اس علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کو تعلیم کے میدان میں تاریخ ساز کارناموں کے لئے عالمی شہرت حاصل ہے۔ سر سید احمد خاں کی اس عظیم دانش گاہ سے کیسی کیسی اہم اور معتبر شخصیات نے سیاسی، سماجی، سائنسی، صحافتی، ادبی، کھیل کود اور فنون کے میدان میں اپنی قابلیت وصلاحیت سے شناخت قائم کی، ایسی شخصیات کی بہت لمبی فہرست مرتب کی جاسکتی ہے۔ پھر بھی مختلف میدان عمل کے چند نام بے اختیار ذہن کے پردے ابھرتے ہیں۔

ان میں سیاست کی دنیا کے درخشاں نام خان عبدالغفار خاں، شیخ محمد عبداللہ، ایوب خان، فضل الٰہی چودھری، خواجہ ناظم الدین، لیاقت علی خاں، ملک غلام محمد، محمد امین ویدی، محمد منصور علی، ذاکر حسین، محمد حامد انصاری، رفیع احمد قدوائی صاحب سنگھ ورما وغیرہ ان کے علاوہ ادب، صحافت آرٹ، تاریخ، فلم، اسپورٹس وغیرہ کے میدان عالمی شہرت رکھنے والے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے فارغین میں سعادت حسن منٹو، اسرار الحق مجاز، راہی معصوم رضا، ظفر علی خاں (زمیندار)، خواجہ احمد عباس، علی سردار جعفری، حبیب تنویر، مظفر علی، نصیر الدین شاہ، جاوید اختر، عرفان حبیب، اشوری پرساد، دھیان چند، لالہ امرناتھ، ظفر اقبال وغیرہ جیسی اہم اور نامور ہستیوں نے پوری دنیا میں سر سید کے خواب کو پورا کرنے میں کامیاب رہے۔ ایک یونیورسٹی کی اتنی بڑی اور تاریخی کامیابی دیکھنے کے بعد اور عہد حاضر میں مسلمانوں کی زبوں حالی کے بڑھتے تلخ حقائق کے منظر نامہ کو دیکھتے ہوئے اس امر کا احساس شدت سے ہو رہا ہے کہ کاش مغل حکمراں، اس ملک کے اندر بڑی بڑی تاریخی عمارتوں کی بجائے اپنے عہد میں سرسید کی طرح مدارس، درس گاہ یا دانش گاہوں کی تعمیر کراتے، تو اس وقت یہاں کے مسلمان جس طرح تعلیم کے معاملے بہت پیچھے چھوٹتے جا رہے ہیں، شائد ایسا نہ ہوتا۔

ایسے حالات میں سرسید کی ایسی شاندار کوششوں کی جتنی تعریف کی جائے اور جس قدر شکر گزار ہوا جائے، وہ بھی بہت کم ہے۔ یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ سرسید احمد خاں نے غیر منقسم بھارت کے مسلمانوں کو بہتر تعلیم کی جانب متوجہ کرانے کی ہر ممکن کوشش کی اور اپنے اس اہم مقصد کے حصول کے لئے وہ تحریر وتقریر کے ساتھ ساتھ عملی میدان میں ایک بڑی تعلیمی تحریک لے کر اترے اور بڑی مخالفتوں کے باوجود انھوں نے ہمت ہاری اور نہ ہی اپنا حوصلہ کھویا۔ سخت آزمائشوں سے گزرتے ہوئے، اپنے جنون اور جد وجہد سے ایسے کارہائے نمایاں انجام دیے، جن کی بدولت ملک و بیرون ممالک کے مسلمانوں میں تعلیم کا رجحان بڑھا اور وہ نہ صرف باوقار زندگی گزارنے کے لائق ہوئے بلکہ اپنے تشخص اور اپنی پہچان بنانے میں بھی کامیاب ہوئے۔ سرسید کا قائم کردہ اس قدیم تعلیمی ادارہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی اپنی ایک شاندار تاریخ ہے۔

اس کے ماضی کے اوراق پلٹیں تو ہمیں یہ معلوم ہوگا کہ مغل حکومت کا خاتمہ، ان کی پسپائی، انگریزوں کا بڑھتا تسلط اور خاص طور پر ملک کے مسلمانوں پر جبر واستبداد، اس دور کے لئے لمحۂ فکریہ تھا۔ یہاں کے مسلمانوں کے حوصلہ، جرأت، ہمت، وقعت اور عزت وناموس کو انگریزوں نے ان سے اقتدار چھین کر پارہ پارہ کر دیا تھا۔ ایسے حوصلہ شکن اور ناگفتہ بہ حالات کا مقابلہ کس طرح کیا جائے۔ ان کا تدارک کن نہج پر ہو۔ ان امور پر امت مسلمہ کے لئے درد رکھنے اور فکر کرنے والے دانشور، مدبر اور محب وطن پریشان تھے اور وہ ان مشکل حالات کا سامنا کرنے کے لئے اپنے اپنے افکار وخیالات اور لائحہ عمل کے ساتھ ساتھ سامنے آئے۔ ان میں سرسید احمد خاں کا نام نمایاں تھا۔ ان کے دل ودماغ میں انسانی درد اور فلاح امت مسلمہ کے احساسات وجذبات سے بھرا تھا اور وہ ملک کے مسلمانوں کے بہتر مستقبل کے لئے بے حد فکر مند تھے اور کچھ کر گزرنے کے لئے وہ بے چین تھے۔ سرسید کی دور اندیش نگاہیں دیکھ رہی تھیں کہ اگر یہی نامساعد حالات رہے تو یہاں کے مسلمانوں کا مستقبل کس قدر تاریک اور بے وقعت ہوگا۔

اس فکر کے تحت وہ مسلمانوں کے لئے عصری تعلیمی مشن کو لے کر عملی میدان میں آئے اور بہت ساری مخالفتوں کے باوجود وہ اپنے تعلیمی مشن کو لے کر آگے بڑھتے گئے۔ لیکن جس طرح سے اس زمانے میں ان کے اس تعلیمی مشن کی مخالفت ہو رہی تھی اس وقت سرسید کے ذہن میں یہ خیال ابھرا کہ عوام تک اپنے اس تعلیمی مشن کے افکار و خیالات کی دور تک رسائی کے لئے بہترین ذریعہ صحافت ہوسکتی ہے۔ چنانچہ انھوں نے اپنے خواب کو شرمندۂ تعبیر کرنے کے لئے خاردار اور پرخطر راستے کا انتخاب اپنے ابتدائی دور میں ہی کیا اور بھارت کے مسلمانوں کو تعلیمی، معاشرتی اور تہذیبی طور پر ایک مکمل اور بہتر طرز زندگی کی جانب راغب کرانے کے لئے نیز ان کی معاشی بدحالی دور کرنے، سیاسی وسماجی شعور پیدا کرنے اور سماجی پسماندگی ختم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے کھوئے ہوئے وقار وعظمت کو بحال کرنے کے مقصد اور مشن کو کامیاب بنانے کے لئے صحافت کا بھی سہارا لیا۔

ہم اس تلخ حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ کوئی بھی شخص جب کوئی بڑے منصوبہ اور مقصد کو عملی جامہ پہنانے کا ارادہ کرتا ہے تو اسے بہت سارے مسائل سے نبرد آزما ہونا پڑتا ہے۔ اپنے ان خاص مقاصد کے حصول کے لئے سرسید نے جنوری 1864ء میں "سائنٹفک سوسائٹی" غازی پور میں قائم کی۔ پورے دو سال تک اپنی سرگرمیوں کو بڑھانے کے بعد 1866ء میں اسی نام سے ایک اخبار علی گڑھ سے جاری کیا۔ چونکہ سرسید کو انگریزی اور اردو کو ساتھ لے کر چلنا تھا اور دونوں ہی زبان کے لوگوں کو مخاطب کرنا تھا، اسی لئے اس کا دوسرا نام "علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ" رکھا۔ اس میں ایک کالم اردو اور دوسرا انگریزی میں ہوتا تھا ابتدا میں یہ ہفتہ وار تھا، لیکن بعد میں یہ سہ روزہ ہوگیا۔

اس طرح اب ہم یہ بات پورے وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ سرسید نے تعلیمی، سماجی، اور معاشرتی تبدیلی کا سفر صحافت سے کیا اور ایک طرف جہاں انھوں نے اپنے گہرے مطالعہ ومشاہدہ اور تجربہ سے اردو صحافت میں گرانقدر اضافے کئے، وہیں دوسری جانب سرسید کو اردو صحافت نے ان کے مقاصد کے حصول اور ان کے افکار ونظریات کی تبلیغ وترسیل کے لئے راہ ہموار کیا۔ سرسید نے اپنے دونوں اخبارات میں ہمیشہ تعلیمی مسئلے کو فوقیت دی۔ جس کے بین ثبوت ان کے دو اداریے ہیں۔ جن میں انھوں نے بڑے خوبصورت اور سلیس انداز میں اپنی باتوں کو پیش کرتے ہوئے لوگوں کے دل ودماغ تک پہنچنے کی کامیاب کوشش کی۔ اس کی چند مثالیں دیکھئے.....

"افسوس ہے کہ بنگالہ کے مسلمانوں نے جو تدبیر مسلمانوں کی ترقی کی اختیار کی ہے۔ اس سے ہم کو اختلاف کلی ہے۔ ان کی تدبیر، جس پر وہ مختلف طریقوں سے زور دے رہے ہیں۔ یہ ہے کہ گورنمنٹ کی مسلمانوں کے لئے خاص رعایت مبذول ہو۔ سابق میں بھی اس مطلب سے انھوں نے بہت زبردست درخواست پیش کی تھی، اور حال میں نواکھالی کے مسلمانوں نے اس قسم کی درخواست پیش کی ہے۔ ہم اس تدبیر کو پسند نہیں کرتے..... ہمارا اصول "سلف ہیلپ" پر مبنی ہے۔ ہم چاہتے ہیں مسلمان خود اپنی ترقی کے لئے آپ کوشش کریں"۔

Eminent Mussalmans) (page-15

"میری یہ سمجھ ہے کہ ہندوستان میں دو قومیں ہندو اور مسلمان ہیں اگر ایک قوم نے ترقی کی اور دوسری نے نہ کی تو ہندوستان کا حال کچھ اچھا نہیں ہونے کا۔ بلکہ اس کی مثال ایک کانڑے آدمی کی سی ہوگی۔ لیکن اگر دونوں قومیں برابر ترقی کرتی جاویں تو ہندوستان کے نام کو بھی عزت ہوگی اور بجائے اس کے کہ وہ ایک کانڑی اور بڈھی بال بکھری، دانت ٹوٹی ہوئی بیوہ کہلاوے، ایک نہایت خوبصورت، پیاری دلہن بن جاوے گی"۔

(اخبار "سائنٹفک سوسائٹی، علی گڑھ، 3 جون 1873ء)

"جو تعصبات کہ آپس کی محبت اور ارتباط کے مخل ہوتے ہیں ان کو دور کرے اور ان کے دلوں میں ایسا عمدہ کرے کہ وہ تمام قوم جسمانی بلکہ روحانی بھلائی و بہبودی کے بڑے بڑے کاموں میں اپنے آپ کو بھائی بھائی سمجھیں"۔

(سائنٹفک سوسائٹی، علی گڑھ، 19 اپریل 1867ء)

سرسید کے تحریر کردہ اداریوں کے یہ اقتباسات سر سید کی ذہانت، دانشوری، دور اندیشی اور ان کے نظریات وخیالات کے مظہر ہیں اور ہر اداریہ ایک طویل تشریح وتفسیر کا متقاضی ہے۔ سرسید نے بھارت کے مسلمانوں کو کامل درجہ کی تہذیب اختیار کرنے، ان کا شمار دنیا کی معزز اور مہذب قوموں میں کرانے کے خاص مقصد کے تحت 24 دسمبر 1875ء سے ایک رسالہ بھی نکالا تھا۔ اس کے بھی دو نام تھے، اردو میں "تہذیب الاخلاق" اور انگریزی میں "دی محمڈن سوشل ریفارمر"۔ ان رسالوں کے مختلف شماروں میں ایسے ایسے اہم، بامقصد اور موثر مضامین شائع ہوئے کہ بعض ناعاقبت اندیشوں کی نیندیں حرام ہونے لگیں اور "تہذیب الاخلاق" کی بڑھتی مقبولیت اور کامیابی کی جانب بڑھتے ہوئے سرسید کے قدم نے قدامت پسند لوگوں اور سرسید کے مخالفوں کی نیندیں اڑا دیں۔ سرسید کی رہنمائی میں بڑھتے تعلیمی کارواں کے سامنے انھیں اپنا وجود خطرہ میں نظر آنے لگا تھا۔ (جاری ہے)

ڈائریکٹر حافظ خوش نصیب کی کاوشوں سے سینار ہسپتال کوئٹہ میں آج جدید مشینری موجود ہیں

کینسر پر کام کرنے والا سینار ہسپتال پورے صوبے کا واحد ہسپتال ہے جہاں صرف کینسر کے مریضوں کا علاج کیا

معروف معالج ڈاکٹر فیروز خان اچکزئی

کینسر کا مرض کسی زمانے میں انتہائی خطرناک اور جان لیوا سمجھا جاتا تھا تاہم وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس جان لیوا مرض پر کام کیا گیا نئی نئی

چیف ایڈیٹر نور احمد رائی

تصاویر خالد حسن مشتاق

تحقیقات سامنے آئیں اور علاج کے بہترین طریقے دریافت ہوئے یہ مرض آج بھی اتنا ہی خطرناک اور جان لیوا ہے مگر اس کے علاج کے لیے اللہ تعالیٰ نے باصلاحیت انسانوں کو پیدا کیا جو بے انتہا محنت اور خداداد صلاحیت سے اس میں مبتلا انسان کو موت کے منہ سے نکال کر پھر سے نئی زندگی دیتے ہیں اور بلاشبہ اس کام پر اللہ تعالیٰ نے انھیں مقرر کر رکھا ہے بلوچستان اور بل خصوص کوئٹہ سے بھی متعدد ڈاکٹرز نے کینسر کے علاج کے حوالے سے علم حاصل کر رکھی ہے۔ مگر سینار ہسپتال کوئٹہ کے ڈاکٹر فیروز خان اچکزئی کنسلٹنٹ ریڈیوتھراپی میڈیکل انسولوجسٹ کا شمار کینسر کے علاج پر مکمل طور پر عبور رکھنے والے ڈاکٹرز میں ہوتا ہے

وہ سینار ہسپتال کوئٹہ میں کینسر کے لاتعداد مریضوں کا علاج کر کے انھیں دوبارہ صحت مند انسان بنا چکے ہیں انتہائی خوش گفتار نرم مزاج انسان دوست مزاج کے مالک خصوصاً غریب مریضوں اور ان کے خاندانوں کے لئے مسیحا ثابت ہونے والے یہ ماہرین اکثر و بیشتر غریب مریضوں کے مفت ادویات کی خرید میں بھی مدد کرتے ہیں اور حکومتی وغیر حضرات سے بھی ان کے علاج معالجے کے لئے مدد حاصل کرتے ہیں یہ شخصیات دکھی انسانیت سے پیار کرتے ہیں اور ہر ممکن خوشیاں فراہم کرنے کی کوشش کرتے ہیں ہم نے ان سے خصوصی ملاقات کا اہتمام کیا اور اس مہلک مرض اس کے ممکنہ علاج کے حوالے سے تفصیلی نشست کا اہتمام کیا ان سے ہونے والی گفتگو پیش خدمت ہے

سوال۔ ڈاکٹر صاحب ہمیں وقت دینے کا شکریہ کینسر کے مرض پر اب تک کتنا کام ہوا ہے اور اس کے علامات اور علاج کے بارے میں ہمارے قارئین کو بتائیں

جواب۔ جس طرح آپ کے علم میں ہیں کہ کینسر قدیم ترین بیماری کسی زمانے میں اس مرض کو لاء علاج کہا جاتا تھا اور اس میں مبتلا انسان کو انسان کی موت کو یقینا سمجھا جاتا تھا موت تو برحق ہے یہ کینسر کے بغیر بھی آ سکتی ہے لیکن کینسر کے مریض کو نیم مردہ تصور کیا جاتا تھا مگر وقت گزرنے اور اس مرض پر ریسرچ طریقہ علاج کے بعد آج طب اس پر قابو پانے میں کامیاب ہو چکا ہے سب سے پہلے مرض کی تشخیص ہوتی ہے اور ہمیں پتہ چل جائے کہ کینسر ہے اور مریض کنفرم ہو جائے تو پھر ہم دیکھتے ہیں کہ اس مرض کا انسانی جسم میں اس کا پھیلاؤ کس قدر ہے اس لیے مریض کے مختلف ٹیسٹ کیے جاتے ہیں جس میں سی ٹی سکین سب سے اہم ہے جو مکمل جسم کی تصویر کھینچتا ہے جس میں نظر آتا ہے کہ کینسر کے سیل کے جراثیم کہاں پڑے ہوئے ہیں اور اس کے اردگرد کے اعضاء پر کتنا اثر پڑا ہے پھر پیڈ سکین کیا جاتا ہے جس میں مریض کو گلوکوس کا ایک ٹیکہ لگایا جاتا ہے جو جسم کے اندر جا کر پھیلتا ہے۔ جسے کینسر سیل استعمال کرتے ہیں جس سے ہمیں یہ پتہ چل جاتا ہے کہ یہ جراثیم کہاں کہاں پر موجود ہے اس کے بعد مریض کا الٹرا ساؤنڈ کرایا جاتا ہے جس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ کینسر کا پہلا مریض کے جسم میں کتنا ہے اس کے بعد پھر مریض کا ایم آر آئی کرایا جاتا ہے جس میں ہم دماغ پیٹ اور جسم کے دوسرے حصوں میں کینسر جراثیم کا پتہ چلاتے ہیں کہ کہاں کہاں پر اثر انداز ہوئے ہیں کینسر کا پتہ چلانے کے لیے دماغ کا ایم آر آئی ضروری ہے جس کے بعد ہمیں اندازہ ہو جاتا ہے کہ ہم نے کینسر کا علاج کس طرح کرنا ہے کہاں سے شروع کرنا ہے۔

سوال ڈاکٹر صاحب کینسر کے علاج کے لئے کیا طریقہ خاص ہوتا ہے۔

جواب۔ مختلف ٹیسٹوں کے ذریعے ہمیں پتہ چل جاتا ہے کہ مرض کیا ہے اور اس کی ابتدا جسم کے کس حصے سے ہے اس کے بعد علاج کی طرف جاتے ہیں اگر کینسر جسم کے کسی ایک جگہ پر موجود ہو تو پھر ہم آپریشن کرتے ہیں جسے سرجیکل ٹریٹمنٹ کیا جاتا ہے اس جگہ کا آپریشن کیا جاتا ہے جہاں گھلٹی موجود ہے جسم سے وہ حصہ آپریشن کے ذریعے نکال دیا جاتا ہے، جس طرح بریسٹ کینسر میں جراثیم ایک ہی جگہ پر ہے تو اسے جس قدر جلدی آپریشن کر کے نکال دیا جائے اتنا ہی بہتر ہے لیکن آپریشن میں ہم وہ گھلٹی نکال سکتے ہیں جو ہمیں نظر آرہی ہے جسم میں جو کینسر کے چھوٹے چھوٹے سیل ہوتے ہیں وہ ہمیں نظر نہیں آتے جو وہاں سے نکل کر اردگرد غدودوں میں چلے جاتے ہیں اس لئے آپریشن کے بعد بھی بہت سی بیماریوں میں کیموتراپی یا ایٹموتھراپی یا ریڈیشن دینی پڑتی ہے کیونکہ وہ بیماری جو ہم نے نکالی ہے وہ ایک جگہ کے علاوہ جسم کے اردگرد تھوڑے سیل موجود ہوتے تھے انھیں آپریشن کے فوراً بعد ہینڈل کرنا پڑتا ہے اسی طرح ریڈیشن بھی ایک جگہ پر کی جاسکتی ہے بہت سی جگہوں پر نہیں جہاں کینسر ایک جگہ فوکسڈ ہے اس کو جلا کر بان کر سکتے ہیں اس میں آج کل بڑے جدید طریقے بھی آ چکے ہیں ایسی مشین ہیں جن سے شعاعیں ایک جگہ پر فوکس کی جاتی ہے تاکہ جسم کے باقی حصے متاثر نہ ہوں ایک نئی قسم کی ریڈیشن ہے جسے سائبر نائف کہتے ہیں سائبر نائف بھی پاکستان میں آ چکی ہے جس سے کینسر سیل کو بہت بہتر طریقے سے جلا کر ختم کیا جاسکتا ہے خاص طور پر برین کینسر کو اس طریقہ علاج کے ذریعے ختم کیا جاسکتا ہے تاہم اب زیادہ ٹارگیٹ طریقہ علاج پر توجہ دی جارہی ہے کیموتھراپی جب خون میں جاتی ہے تو کینسر کے سیلز کے علاوہ نارمل سیلز کو بھی متاثر کرتی ہے جس کی وجہ سے سر کے بال گر جاتے ہیں کمزوری ہوتی ہے الٹیاں آتی ہیں منہ میں چھالے بن سکتے ہیں اس طریقہ علاج سے کینسر سیلز تو ختم ہو جاتے ہیں مگر مریض کو دیگر جسمانی مسائل آگھیرتے ہیں اس لئے یہ طریقہ علاج اب آہستہ آہستہ کم ہوتا جارہا ہے ہم وہ طریقہ علاج اختیار کرتے ہیں جو صرف کینسر کے جراثیم کا خاتمہ کریں اور باقی جسم متاثر نہ ہو کینسر کے علاج میں اب نئی چیز ٹارگیٹڈ تھراپی ہے یہ وہ خاص طریقہ ہے جو صرف کینسر سیل کو ٹارگٹ کر کے ایسی دوائیاں دی جاتی ہے جو جسم میں جا کر کینسر سیل کے ساتھ چپک جاتے ہیں اور انہیں نقل وحرکت کرنے نہیں دیتے اور جسم کے دوسرے حصوں میں نہیں جا پاتے اس طریقہ

علاج سے علاج میں انجکشنز بھی ہیں اور ٹیبلٹس بھی ٹیبلٹ جسم میں جا کر خون میں شامل ہو جاتے ہیں جو کہ کینسر جراثیم کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں دنیا بھر میں یہی طریقہ علاج اختیار کیا جارہا ہے اور کینسر کے علاج پر تحقیق ابھی جاری ہے اور لگتا یہ ہے کہ آنے والے وقت میں کینسر کا علاج انجکشنز اور ٹیبلٹس کے ذریعے ہی ممکن ہو جائے گا اور کینسر کے علاج کے بعد سب سے اہم ایشو مریض کی خوراک ہے کیونکہ بعض مرتبہ خوراک سے مسائل بھی پیدا ہوتے ہیں اکثر یہ سنا جاتا ہے کہ میٹھا کھانے سے کینسر ہو جاتا ہے ایسا ہرگز نہیں ہے اگر کینسر نے دوبارہ پھلنا ہے تو وہ میٹھا کھانے کے بغیر بھی اور بے احتیاطیوں کی وجہ سے بھی پھیل سکتا ہے البتہ کچھ ایسے کھانے ہیں جن سے کینسر بڑھتا ہے جن میں پرانے بوسیدہ کھانا ٹین میں پیک کھانے وغیرہ شامل ہیں علاج کے بعد مریض کو موسم کے مطابق تازہ پھل کھانے چاہیے کینسر کے علاج کے بعد ورزش پر توجہ دینی چاہیے جو کینسر کو دوبارہ پیدا ہونے یا اسے پھیلنے سے روکتا ہے۔

سوال۔ ڈاکٹر صاحب بلوچستان میں کینسر کا علاج ممکن ہو چکا ہے۔

جواب۔ جی ہاں الحمدللہ بلوچستان اور بالخصوص کوئٹہ میں کینسر کا علاج ممکن ہو چکا ہے اس سلسلے میں سینار ہسپتال میں باقاعدہ طویل عرصے سے کینسر کے مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے جہاں کینسر کے ماہرین کو تمام تر سہولیات مشینری وغیرہ دستیاب ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اب تک سینکڑوں کینسر کے مریض صحت یاب ہو کر باقی لوگوں کی طرح زندگی گزار رہے ہیں ہمارے پاس کینسر کے بہترین ماہرین موجود ہیں جن کا کوئی ثانی نہیں ہے بی ایم سی میں کینسر کے بہترین وارڈ موجود ہیں ہماری کوشش ہوتی ہے کہ ماضی کی طرح بلوچستان کوئٹہ کے مریضوں کو علاج کے لیے دوسرے شہروں میں نہ جانا پڑے۔

سوال۔ کینسر کا علاج انتہائی مہنگا ہے غریب مریضوں کی کیا حالت ہوتی ہوگی۔

جواب۔ آپ کا کہنا بالکل درست ہے بلوچستان چونکہ کے غریب صوبہ ہے اور یہاں غریب مریض آتے ہیں بلکہ ہمسایہ ملک افغانستان اور ایران سے بھی کینسر کے مریض لائے جاتے ہیں ان غریب مریضوں کے پاس سرنج تک کے پیسے نہیں ہوتے تاہم چند ایک سرکاری محکمے جس میں بیت المال زکواۃ وعشر محکمہ سماجی بہبود کے تحت انڈومونٹ عوامی فنڈ اور دیگر شامل ہیں اسی طرح مختلف این جی اوز اور مخیر

حضرات بھی مریضوں کی مدد کرتے ہیں اور انہیں ادویات وغیرہ فراہم کرتے ہیں یہ امر قابل ذکر ہے کہ بعض اوقات کینسر وارڈ کے ڈاکٹر بھی اپنی جیب سے کینسر کے غریب مریضوں کی مدد کرتے ہیں ہم حکومت سے اپیل کرتے ہیں کہ اگر مہنگے ادویات کی مد میں مریضوں کی دادرسی کی جائے اور مہنگے ادویات ان کو سرکاری طور پر مہیا کئے جائیں تو ہم یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ دوسرے صوبوں یا اسپتالوں کی نسبت ہمارے

ہاں کینسر کے مریضوں کا بہترین اور سستا علاج ہو سکے گا

سوال۔ سینار ہسپتال میں کینسر کے مریضوں کے علاج کے لیے تمام مشینری موجود ہیں۔

جواب۔ کوئٹہ میں کینسر پر کام کرنے والا سینار ہسپتال پورے صوبے کا واحد ہسپتال ہے جہاں صرف کینسر کے مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے سینار ہسپتال میں روزانہ کی بنیاد پر 150 مریضوں سے زائد مریضوں کا چیک اپ کرتے ہیں اور سالانہ بلوچستان سمیت ہمسائے ممالک ایران اور افغانستان سے پانچ ہزار مریض ہمارے پاس آتے ہیں جن کا علاج کرتے ہیں ہم سینار ہسپتال میں کیموتھراپی اور ریڈیشن طریقہ علاج استعمال کرتے ہیں جس کے وسائل ہمارے پاس موجود ہیں کینسر کے علاج کے لیے ہمارے پاس لنک ریڈیشن ہائی پاور جدید مشینری موجود ہیں جس کے ذریعے ہم شعاؤں سے کینسر کے مریضوں کا علاج کرتے ہیں بلوچستان سے مردوں میں خوراک کی نالی میں کینسر اور خواتین میں بریسٹ کینسر کے زیادہ مریض آتے ہیں اور اگر سالانہ 5000 مریض آتے ہیں تو ان میں سے پانچ سو سے زائد چھوٹے بچے ہوتے ہیں سینار ہسپتال میں اکثر وہ مریض آتے ہیں جو چوتھے درجے پر پہنچ گئے ہیں سینار ہسپتال کے ڈائریکٹر حافظ خوش نصیب انتہائی قابل خدا ترس مزاج کے مالک ہیں 2011 میں انہوں نے سینار ہسپتال کوئٹہ کا چارج سنبھالا اسپتال میں بہترین نظم ونسق قائم کر رکھا ہے ان کی کاوشوں سے سینار ہسپتال کوئٹہ میں آج جدید مشینری موجود ہیں اسی طرح وہ مریضوں کو ہر قسم کی سہولیات فراہم کرنے کی کوشش کرتے ہیں سینار ہسپتال میں مریضوں کے علاج کے لئے کوئی وسائل یا فنڈ دستیاب نہیں ہے یا مریضوں کا علاج انڈومونٹ فنڈ جو کہ محکمہ سماجی بہبود کی طرف سے ہے اور بیت المال وزکواۃ محکمہ کی طرف سے ادویات فراہم کی جاتی ہیں تاہم اکثر مریض ان سرکاری محکموں تک رسائی نہ ہونے کے باعث علاج سے محروم رہ جاتے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ سینار ہسپتال جو بلوچستان میں کینسر کا واحد علاج گاہ ہے اس کے پاس مریضوں کے علاج کے لیے اپنے سائل بھی ہونے چاہئیں۔

گلوبلائزیشن کے فوائد ونقصانات

اقوام عالم نے 1930ء میں جب گریٹ ڈپریشن کا سامنا کیا اور اس کے اثرات کو مکمل طور پر جھیل لیا تو مکس اکانومی کے نام سے ایک نرم متعارف

الف افضال

کروائی گئی، جس کے تحت حکومتوں اور پرائیویٹ سیکٹر نے مل جل کر عالمی معیشت کو سہارا دیا مگر پرائیویٹ سیکٹر نے ہمیشہ کی طرح یہاں پر بھی جھول مارا اور اشرافیہ کے ساتھ مل کر حکومتوں کو کھڈے لائن لگا دیا۔ تبھی ایک نیا نظام عالمی معیشت کو سہارا دینے کے لیے آگے آیا جسے دنیا اسٹیٹ پروٹیکشنزم کے نام سے جانتی ہے۔ اب کی بار حکومتوں نے اپنی رٹ قائم کی اور پرائیویٹ سیکٹر پر کئی ایک پابندیاں عائد کردیں۔ پرائیویٹ سیکٹر پر پابندیوں نے انہیں آزادانہ ترقی کرنے سے روک دیا اور پبلک سیکٹر میں بیوروکریسی اور دیگر حکومتی اہل کاروں کی کرپشن کی وجہ سے معیشت میں ڈیولپمنٹ اور بہتری کے بجائے خرابیاں نمودار ہوئیں اور 1991 تک ان انڈر ڈیولپڈ اور پسماندہ ملکوں میں شدید معاشی بحران کی صورتحال پیدا ہوئی۔ اس کے برعکس ترقی یافتہ دنیا کے سرمایہ داروں نے بہت ترقی کی جس کے نتیجے میں وہ عالمی سامراجی شکل میں تبدیل ہوگئے۔ اس طرح ان بڑی بڑی ملٹی نیشنلز اور مالیاتی اداروں نے دنیا کے معاشی کردار کو اپنے کنٹرول میں کرنے کی خاطر پھر سے نئی تھیوری دی جسے ہم گلوبلائزیشن، تھیوائزیشن اور ریگانومکس کے نام سے جانتے ہیں۔

گلوبلائزیشن سے مراد مختلف ممالک کے درمیان معاشی تعلقات کا وہ پھیلاؤ ہے جس کے نتیجے میں ایک عالمی معیشت تخلیق ہوئی ہے۔ جس نے ہر قومی معیشت کو دیگر معیشتوں کا محتاج بنا دیا ہے۔ کوئی بھی ملک خود کفیل نہیں ہے۔ سب کو دوسرے ممالک کے ساتھ پیداواری اشیاء کے تبادلے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ ایک مربوط عالمی معیشت بذات خود کوئی منفی چیز نہیں ہے کیونکہ یہ ایک ایسی بنیاد فراہم کرتی ہے جس پر ایک ہم آہنگ عالمی منصوبہ بندی پر مبنی معیشت پروان چڑھ سکتی ہے۔ گلوبلائزیشن کو مختصراً ہم مختلف ممالک کے درمیان معاشی تعلقات کا وہ پھیلاؤ کہہ سکتے ہیں جس کے نتیجے میں ایک عالمی معیشت تخلیق ہوتی ہے۔ گلوبلائزیشن کی بنیاد مغربی ممالک کی سائنسی

شال بقیہ 1

خیبر پاٹی لیول کنال کی توسیعی گلہ ونڈ کالا کے منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب پی ٹی آئی کی حکومت اقتدار میں آئی تو اس وقت ملک قرضوں میں ڈوبا ہوا تھا عمران خان نے ملک اور معیشت کو تباہی سے نکالنے کے لئے سخت فیصلے کئے اگر وہ ملک اور معیشت کو ٹھیک کرنے کا نہیں سوچتے تو ملک کبھی بھی ٹھیک نہ ہوتا انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر کرونا وائرس کی وجہ سے پاکستان کی آمدنی میں کمی واقع ہوئی ہے وزیر اعظم عمران خان نے عالمی اداروں سے جتنے قرضے لئے ہیں اس سے زیادہ سود میں ادا کئے جس ٹریک پر عمران خان ملک کو لے جارہے ہیں اس کے نتائج ملک وقوم میں مفاد میں آرہے ہیں انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن اب تو اسلام کی بات کررہے ہیں لیکن جب خیبر پختونخوا میں ایم ایم اے کی حکومت تھی تو اس دوران انہوں نے اسلام کے لئے کونسی خدمت کی۔ آج میاں نواز شریف لندن میں بیٹھے ہوئے ہیں قوم کو بے وقوف بنانے کے لئے لندن چلے گئے وہاں بیٹھ کر اداروں کے خلاف باتیں کررہے ہیں لیکن میاں نواز شریف یاد رکھے کہ وہ جتنی مرضی باتیں کریں لیکن ایک دن ضرور وہ پکڑا جائیگا، وزیر اعظم عمران خان واحد لیڈر ہے جس کا کوئی اپنا ذاتی مفاد نہیں وہ آج بھی اقتدار میں ہے 2023 میں دوبارہ اقتدار میں آئیگا۔ اور ملک کا وزیر اعظم عمران خان ہی ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن اپنی چوریاں چھپانے کے لئے نیب میں ترمیم کرنا چاہتی ہے۔

شال بقیہ 2

صرف ایک عمران خان نے دیکھا ہے، اب نیا عمران خان بھی بن گیا، اب کسی بھی ڈاکو کو پروڈکشن آرڈر نہیں ملے گا، کسی بھی سیاسی قیدی کو وی آئی پی جیل نہیں ملے گی، عام جیل میں رکھیں گے، حکومت کے ماتحت آنے والے اداروں کو تیار کروں گا اور ملکی دولت لوٹ کر فرار ہونے والوں کو پکڑیں گے اور مقابلہ کرکے دکھاؤنگا، مریم اور بلاول نے ایک گھنٹہ حلال کا کام نہیں کیا، دونوں باپوں کی حرام کی کمائی پر پلے، ذخیرہ اندازوں کے خلاف موثر حکمت عملی کیلئے ٹائیگر فورس کی ضرورت ہے

شال بقیہ 3

سو روپے، جماعت نہم اور دہم کی طالبات کو آٹھ سو روپے اور گیارہویں اور بارہویں جماعت کی طالبات کو ایک ہزار روپے ماہانہ کا وظیفہ دیا جائے گا۔ اس منصوبے سے ایک لاکھ 10 ہزار طالبات مستفید ہوں گی اور اس مد میں سالانہ ایک ارب 20 کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اس اقدام کا مقصد صوبے میں لڑکیوں میں تعلیم کی شرح بڑھانا ہے جو اس وقت ملک میں کم ترین سطح پر ہے۔ پاکستان سوشل اینڈ لیونگ سٹینڈرڈز میپومنٹ (پی ایس ایل ایم) کے 2018-19 کے سروے کے مطابق بلوچستان میں مجموعی شرح تعلیم صرف 40 فیصد ہے جو ملک میں سب سے کم ہے۔ ان میں مردوں کی شرح 54 فیصد جبکہ خواندہ خواتین کی شرح صرف 24 فیصد ہے۔ اسی سروے کے مطابق پاکستان میں 5 سے 16 سال کی عمر کے ایسے بچوں کی شرح 30 فیصد ہے جو سکولوں سے باہر ہے تاہم بلوچستان میں یہ شرح سب سے زیادہ 59 فیصد ہے۔ ایک سرکاری اندازے کے مطابق بلوچستان کے سکول سے باہر بچوں کی تعداد تقریباً 25 لاکھ ہے جن میں 67 فیصد تعداد لڑکیوں کی ہے۔ بلوچستان میں صرف نو فیصد لڑکیاں میٹرک تک تعلیم حاصل کرپاتی ہیں۔ سیکرٹری خزانہ بلوچستان کا کہنا ہے کہ صوبائی حکومت لڑکیوں کی تعلیم کی شرح میں اضافہ کرنا چاہتی ہے اس لیے اب مڈل، ہائی اور انٹر کی طالبات کو وظیفہ دیا جائے گا۔ وظیفے کی شفاف تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے رقم براہ راست طالبات کے اکاؤنٹس میں منتقل کی جائے گی جس کے لیے ان کے بینک اکاؤنٹس، آئی اور ایزی پیسہ کے اکاؤنٹس بنائے جائیں گے۔ سیکرٹری خزانہ کے مطابق بلوچستان کابینہ کے آئندہ اجلاس میں اس منصوبے کی منظوری کے بعد اگلے سال سے اس منصوبے پر عمل درآمد شروع کردیا جائے گا۔

شال بقیہ 4

جارہا ہے۔ بچیوں کے ساتھ سب سے بڑا امتیاز تب شروع ہوتا ہے جب ان کی عمر سکول جانے کی ہوجاتی ہے خواتین کو طاقتور اور بااختیار بنانے کے لیے ضروری ہے کہ انہیں بولنے، سوچنے، پڑھنے اور سمجھنے کا ہتھیار یعنی تعلیم دی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عرب میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند کا کہنا ہے کہ بلوچستان ملک کے 50 فیصد رقبے پر مشتمل ہے اس لیے تمام علاقوں تک رسائی مشکل ہے، مواصلاتی سہولیات بھی بہت کم ہیں۔ ہر جگہ اساتذہ کو بھیجنا بہت مشکل ہورہا ہے۔ مرکزی حکومت کو بلوچستان میں مواصلاتی نظام اور انٹرنیٹ کی سہولت کے فروغ کے لیے اقدامات کرنا ہوں گے تاکہ دور دراز علاقوں میں انٹرنیٹ کے ذریعے تعلیم دی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت اس وقت چار ہزار روپے ماہانہ ایک بچے پر خرچ کررہی ہے۔ ہماری حکومت کی کوشش کررہی ہے کہ اخراجات کو کم کرکے اس رقم کو زیادہ سے زیادہ بچوں پر استعمال کریں تاکہ سکول سے باہر بچوں کو بھی تعلیم دی جاسکے۔ ثناء بلوچ کا کہنا ہے کہ بلوچستان کی پسماندگی کی بڑی وجہ خواتین کی شرح خواندگی کی کمی بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو طاقتور اور بااختیار بنانے کے لیے ضروری ہے کہ انہیں بولنے، سوچنے، پڑھنے اور سمجھنے کا ہتھیار یعنی تعلیم دی جائے۔

شال بقیہ 5

چاہتی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں گڈ گورننس اور میرٹ پر نوکریوں کی حصول ممکن بنائی گئی ہے اس کے علاوہ حلقہ انتخاب سمیت پورے صوبے میں اربوں روپے کے ترقیاتی کام ہورہے ہیں میر حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ صوبائی حکومت نے مختلف محکمہ جات میں نوجوانوں کے لئے نوکریوں کے اشتہارات مشتہر کرکے نوجوانوں خصوصاً تعلیم یافتہ نوجوانوں کو میرٹ پر نوکریاں فراہم کرنے کے سلسلہ جاری رکھا ہے تاکہ نوجوان تعلیم یافتہ ڈگری ہولڈرز کو میرٹ پر سرکاری ملازمت مل سکے۔

شال بقیہ 6

وقت دنیا بھر میں تنہا ہوچکا ہے کیونکہ ملک میں عام انتخابات کے بعد دھاندلی کے ذریعے آنے والے نااہل حکمرانوں کی ناکام خارجہ پالیسیوں کے بدولت ملک کے دوست ممالک بھی اب پاکستان سے کنارہ کشی اختیار کرنے کیلئے سوچ رہے ہیں۔

شال بقیہ 7

ہے جس سے حکومت کی شفافیت نظر آتی ہے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کو جلسوں کی اجازت ہے ہم جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں لیکن جلسوں میں ملکی اداروں کے خلاف بات کرنے کی اجازت نہیں دے سکتی اور نہ ہی اسکی اجازت آئین پاکستان دیتا ہے ملک میں آئین قانون اور پارلیمان کی بالادستی کی جنگ ہم لڑ رہے ہیں بھارت پاکستان میں لاقانونیت بدامنی اور دہشت گردی میں براہ راست ملوث ہے وہ افغانستان میں بیٹھ کر ہمارے کو نشانہ بنا رہا ہے اور شرپسندوں کی سرپرستی اور مالی امداد کررہا ہے۔

شال بقیہ 8

کیا لیکن وہ اپنے مقاصد میں ناکام ہوگئے اور عمران خان کی حکومت ہر حال میں برقرار رہے گی پاکستان کے عوام عمران خان کے ساتھ ہے عوام نے اپوزیشن کو مسترد کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب پی ٹی آئی کو اقتدار ملی تو اس وقت سٹیل مل، پی آئی اے، ریلوے، واپڈا، پیٹرولیم، گیس اور دیگر بڑے بڑے ادارے خسارے میں تھے۔ جب کہ ہماری حکومت کے پاس ملازمین کی تنخواہوں کے لئے پیسے نہیں تھے اس لئے وزیر اعظم عمران خان کی قطر، سعودی عرب اور دیگر ممالک جاکر وہاں سے قرضے لئے جب کہ ملکی معیشت تباہی سے بچانے کے لئے آئی ایم ایف کے پاس مجبوراً جانا پڑا۔

شال بقیہ 9

اپوزیشن کو پرامن احتجاج کرنے کی اجازت دے چکا ہے اپوزیشن جماعتیں جمہوری طریقے سے احتجاج کریں اور ملکی اداروں کو نشانہ بنانے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ کرپٹ ٹولے کو پہلے ہی جلسے میں شکست کے بعد عوام کا لوٹا ہوا پیسہ واپس کرنے کی طرف گامزن ہونا چاہیے، حکومت کی جانب سے کسی اپوزیشن پارٹی کے جلسے کی راہ میں کوئی رکاوٹ کھڑی نہیں کی گئی، صوبائی وزیر نے کہا کہ کروڑ روپے خرچ کرنے کے باوجود ایک درجن جماعتوں پر مشتمل پی ڈی ایم کی سیاسی تحریک ایرانی سرکس ناکام ہوگئی، صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ گجرانوالا جناح سٹیڈیم آدھا خالی ہونا عوام کی طرف سے اپوزیشن چھپاؤ تحریک سے لاتعلقی کا اظہار ہے، عوام ترقی وخوشحالی چاہتے ہے حکومت نے ملک کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کیا ہے عوام تبدیلی چاہتے ہے اور عوام نے موجودہ حکومت کو اس بار ووٹ بھی صرف ملک میں تبدیلی اور کرپٹ لیڈروں سے چھٹکارہ حاصل کرنے کیلئے دیا ہے۔

شال بقیہ 10

غیر ضروری بیان کی سختی سے مذمت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی طرف موجودہ پاک بھارت تعلقات کا الزام پاکستان پر لگانے کو مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر اور بھارتی اقلیتوں پر مظالم کی پردہ کشائی کی بجائے پاکستان پر بے بنیاد اور من گھڑت الزامات لگاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی دہشت گردی کا مرتکب بھارت خود کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر پیش نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ جعلی مقابلوں میں شہید کیے گئے کشمیری نوجوانوں کو دہشت گرد ظاہر کرنا بھارتی قیادت کا اخلاقی دیوالیہ پن ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجارت اور علاقائی رابطے کا پرچار کرنے والے دنیا کو بتائیں کہ سارک سرابرہ اجلاس کی راہ میں رکاوٹ کون ہے۔

شال بقیہ 11

ہیں متفقہ آئین کے باوجود تعصب پر مبنی سیاست کو خیرباد نہیں کیا، نواز شریف کا تمام بیانیہ عدلیہ پر حملہ ہے، برداشت نہیں کریں گے۔ ہفتہ کو مقامی ہوٹل میں پانچویں جوڈیشل کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر قانون فروغ نسیم نے کہا کہ ملک نااہل قیادت کے آئین سے انحراف کے باعث یہاں تک پہنچا، 73 سال سے سیاسی سماجی فرقہ پرستی اور مسائل سب کے سامنے ہیں متفقہ آئین کے باوجود تعصب پر مبنی سیاست کو خیرباد نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں نااہل اور کرپٹ قیادت کی وجہ سیاسی نتیجہ پر پہنچے، ادارے آئین اور قانون کی روشنی میں کام کریں تو بہتری آسکتی ہے، سو مولو قانون کے بے دریغ استعمال سے بھی مسائل پیدا ہوئے، وزیر اعظم کی پوری کوشش ہے کہ وہ کام کریں جس سے ملک کی فلاح ہو، وزیر اعظم کی کوشش ہے وہ اس کام سے رکیں جو ملک کیلئے بہتر نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ کیا پاکستان کو بنانا ری پبلک بنانا ضروری ہے، پاکستان کو بنانا ری پبلک بنانے کی اجازت ہرگز نہیں دے سکتے۔

شال بقیہ 12

تھی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا ہے۔ ابتدائی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے نواحی علاقے کچلاک میں میں گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل پر سوار شخص لال داس جاں بحق ہوگیا جبکہ نواں کلی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص حمید اللہ ولد حاجی سنز محمد زخمی ہوگیا ہے۔

شال بقیہ 13

گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے چشمن ٹاون میں چار سال کے بچے اور پشین کی تحصیل برشور میں 15 ماہ کے بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوگئی، بلوچستان میں رواں سال کے دوران پولیو کے کیسز کی تعداد 23 ہوگئی۔

شال بقیہ 14

پرلگائے گئے درختوں کا کنزرویٹر آف فاریسٹ کوئٹہ سول ڈویژن و پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹلنڈ لائف بلوچستان نیاز خان کاکڑ نے ڈی سی فاریسٹ کوئٹہ سٹی فواد صدیقی کے ہمراہ کوئٹہ ائرپورٹ کے مختلف حصوں اور سڑکوں کا دورہ کیا، کوئٹہ کی خوبصورتی کے حوالے سے ڈی سی فاریسٹ کوئٹہ سٹی فواد صدیقی نے کنزرویٹر آف فاریسٹ کوئٹہ سول ڈویژن نیاز خان کاکڑ کو حالیہ شجرکاری کے حوالے سے بریفنگ بھی دی، انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق کوئٹہ شہر کو شجرکاری کے ذریعے سرسبز بنانے کے حوالے سے ہدایت بھی جاری کی، نیاز خان کاکڑ نے کہا کہ گل داودی اس موسم کا سب سے خوبصورت پھول ہے اسلئے گل داودی کثیر تعداد میں ائرپورٹ چورنگی کے پاس لگائے گئے ہیں۔

شال بقیہ 15

بحق جبکہ 7 افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ لیویز حکام کے مطابق گزشتہ روز ضلع پشین کے علاقے یارو کے مقام پر کلی مندوڑہ کے قریب خوفناک ٹریفک حادثہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق جبکہ 7 افراد زخمی ہوگئے ہیں، حادثے میں جاں بحق

شال بقیہ 16

گھی جس پر پی ایف اے حکام نے دکان کی چیکنگ کی تو وہاں فریزرز سے بڑی مقدار میں باسی اور بدبودار گوشت برآمد ہوا، گوشت کی کٹائی کے لیے گندے اوزار و تان فوڈ گریڈ ٹیبل استعمال کرنے، گوشت باہر لٹکانے، دکان میں گندگی اور ورکرز کی ذاتی صفائی نہ ہونے پر دکان کو سربمہر کیا گیا۔ واضح رہے کہ مذکورہ میٹ شاپ کو فوڈ اتھارٹی حکام نے اس سے قبل بھی وارننگ دی تھی۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے تمام گوشت فروخت کرنے والے مراکز کے مالکان کو خبردار کیا گیا ہے کہ پی ایف اے کے وضع کردہ اسٹینڈرڈز کے عین مطابق عوام کو صاف و تازہ گوشت کی فروخت یقینی بنائی جائے۔

شال بقیہ 17

ہے اس سے عمران خان کی حکومت مزید مضبوط ہوئی ہے، شہزاد اکبر سے رابطہ ہوا ہے انہوں نے نیب تحویل میں شہباز شریف کی تین ملاقاتوں کی بات کی ہے ان کی ملاقاتیں کس سے ہوئی اس کے بارے میں ان سے ہی پوچھیں، نواز شریف کی تقریر کو بھارت میں بھرپور کوریج دی گئی ہے، پاک فوج اس ملک کی جمہوریت، سالمیت، زندگی، ریڑھ کی ہڈی اور بقا کا نام ہے، نواز شریف جو کھیل کھیل رہے ہیں وہ عالمی ایجنڈا ہے۔ ریلوے ہیڈ کوارٹر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ پنجر ٹرینوں کی طرح فریٹ ٹرینوں میں بھی آن لائن بکنگ ہوگی، ڈرائیور کا مائلج الاؤنس بڑھا دیا گیا ہے، جلد ہیلتھ کارڈ بھی دیں گے، نئی اپل ملازمین کو مستقل کرنے کی وزیر اعظم سے حسن ابدال میں بات کروں گا، ایک سے سولہ تک ملازمین کے گریڈ کو اپ گریڈ کرنے کی بھی درخواست کریں گے۔

شال بقیہ 18

وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شبلی فراز نے کہا کہ مسئلہ یہ ہے کہ اپوزیشن نے جو زبان استعمال کی خصوصاً بلاول بھٹو اور خواجہ آصف نے انتہائی گھٹیا زبان استعمال کی، بلاول بھٹو آپ سے یہ توقع نہیں تھی، ہمیں توقع نہیں تھی کہ آپ خواتین کے بارے میں اتنی گھٹیا گفتگو کریں گے، ان خواتین کو اس کا حصہ بنایا جن کا سیاست سے کوئی لینا دینا نہیں۔ انہوں نے بلاول کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی اپنی والدہ بھی سیاست کرتی تھیں، آپ کو اس بات کا احساس نہیں ہوا کہ جو زبان آپ استعمال کررہے ہیں وہ مناسب ہے یا نہیں۔

شال بقیہ 19

دیگر اشیاء عوام کی دسترس سے باہر ہے، اگر فوری طور پر عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات نہ اٹھائے گئے تو مجبوراً لوگ سڑکوں پر نکلیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل زئی میں تھیکیدار حاجی داد گل کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ظہرانے میں مندوخیل سمیت دیگر قبائل کے معتبرین نے شرکت کی۔ تقریب سے مختلف اقوام کے قبائلی معتبرین نے خطاب کیا اور موجودہ حکومت کی عوام کو ریلیف میں ناکامی پر مایوسی کا اظہار کیا۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے حکومت ہر سطح پر عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام ثابت ہوئی ہے۔

شال بقیہ 20

والے 6 مزدور زہریلی گیس کی وجہ سے جاں بحق ہو گئے، لاشوں کو عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق واقعہ سائٹ میں نورس چورنگی کے قریب واقع فیکٹری میں پیش آیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق فیکٹری کا ایک ملازم زیر زمین ٹینک میں صفائی کے لیے اترا تھا، مبینہ طور پر زہریلی گیس سے اس کی حالت خراب ہوئی تو مدد کے لیے دوسرا مزدور نیچے اترا۔ اسی طرح متاثرہ افراد کو بچانے کے لیے جانے والے دیگر افراد کی حالت غیر ہوگئی تو انتظامیہ نے پولیس اور امدادی اداروں کو اطلاع دی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق ان کے رضاکاروں نے 6 افراد کو انتہائی تشویش ناک حالت میں ٹینک سے نکال لیا تھا جنہیں فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے ان کی موت کی تصدیق کردی۔

شال بقیہ 21

صرف ایک عمران خان نے دیکھا ہے، اب نیا عمران خان بھی بن گیا، اب کسی بھی ڈاکو کو پروڈکشن آرڈر نہیں ملے گا، کسی بھی سیاسی قیدی کو وی آئی پی جیل نہیں ملے گی، عام جیل میں رکھیں گے، حکومت کے ماتحت آنے والے اداروں کو تیار کروں گا اور ملکی دولت لوٹ کر فرار ہونے والوں کو پکڑیں گے اور مقابلہ کرکے دکھاؤنگا، مریم اور بلاول نے ایک گھنٹہ حلال کا کام نہیں کیا، دونوں باپوں کی حرام کی کمائی پر پلے، ذخیرہ اندازوں کے خلاف موثر حکمت عملی کیلئے ٹائیگر فورس کی ضرورت ہے، ٹائیگر فورس مداخلت نہیں کرسکتی صرف تصویر کھینچ کر آگاہ کریگی، آئندہ مہنگی چینی نہیں ملے گی۔

شال بقیہ 22

تجویز دیدی گئی، آئندہ جلسوں کی اجازت دینے یا نہ دینے کا حتمی فیصلہ وزیر اعظم کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم عمران خان کو پی ڈی ایم جلسے میں معاہدے کی خلاف ورزی کی رپورٹ بھجوا دی گئی ہے، رپورٹ میں معاہدے کی خلاف ورزی پر آئندہ جلسوں کی اجازت نہ دینے کی تجویز دیتے ہوئے کہا ہے کہ اپوزیشن نے جو معاہدہ کیا اس کی صریحاً خلاف ورزی کی گئی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ اپوزیشن کی جانب سے تحریری معاہدے کی خلاف ورزی کی، جلسہ مقررہ وقت پر ختم نہیں کیا گیا، جلسے اور لاہور سے گوجرانوالہ تک ریلیوں میں ایس او پیز خلاف ورزی نظر آئی، کسی نے نہ ماسک پہنا تا اور نہ ہی سماجی فاصلے کا خیال رکھا گیا۔ ذرائع کے مطابق مریم نواز نے لاہور میں دوران ریلی تقریر نہ کرنے کے معاہدے کی خلاف ورزی کی، طے تھا مریم نواز راستے میں کسی استقبالیہ کیمپ میں خطاب نہیں کریں گی، شاہدرہ میں مریم نواز کا مختصر خطاب معاہدے کی خلاف ورزی تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ جلسے کی مانیٹرنگ وفاقی اور صوبائی وزراء کرتے رہے، ایس او پیز خلاف ورزی سے حالات زیادہ خراب ہونے کے خدشات لاحق ہیں۔

شال بقیہ 23

میں 17 افراد کورونا کے باعث جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے تازہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا کے 641 نئے کیسز رپورٹ ہوئے جس کے بعد ملک بھر میں مجموعی کیسز کی تعداد 3 لاکھ 22 ہزار 452 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق فعال کیسز کی تعداد میں گزشتہ 24 گھنٹوں میں کمی واقع ہوئی ہے جس کے بعد فعال کیسز کی تعداد 9 ہزار 174 رہ گئی جبکہ اب تک کورونا وائرس میں مبتلا 3 لاکھ 6 ہزار 640 مریض صحت یاب ہوچکے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں مزید 17 اموات رپورٹ ہوئیں جس کے بعد مجموعی اموات کی تعداد 6 ہزار 638 ہوگئی۔ سندھ میں مریضوں کی تعداد ایک لاکھ 41 ہزار 474، پنجاب میں ایک لاکھ ایک ہزار 425، خیبر پختونخوا 38 ہزار 565، اسلام آباد میں 17 ہزار 913، بلوچستان میں 15 ہزار 644، آزاد کشمیر 3 ہزار 398 اور گلگت بلتستان میں 4 ہزار 033 تعداد ہوگئی۔

شال بقیہ 24

کمیشن (PMC) کے قیام کے خلاف گرینڈ احتجاجی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ احتجاجی ریلی سول ہسپتال سے نکالی گئی اور کوئٹہ پریس کلب کے سامنے پہنچ کر احتجاجی مظاہرے میں تبدیل ہوگئی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر یاسر خان اچکزئی نے کہا کہ آج بلوچستان کے سرکاری ہسپتالوں میں سرنج تک میسر نہیں ہوسکا ہے بلوچستان میں کورونا وائرس نے تمام سرکاری ہسپتالوں کے پول کھول دیئے ہیں سرکاری ہسپتالوں میں نسیب تک نہیں ہوتے تمام مشینیں خراب ہے ہم احتجاج کرکے حکومت کو مجبور کریگے کہ وہ سرکاری ہسپتالوں کو جدید سہولیات سے آراستہ کرے جب تک بلوچستان کے ہسپتالوں میں بنیادی سہولیات نہیں دی جاتی احتجاج کا سلسلہ جاری رہے گا، انہوں نے مطالبہ کیا کہ تمام سرکاری ہسپتالوں میں ادویات دی جائے۔ ہمیں سڑکوں پر آنا اچھا نہیں لگتا لیکن حکومت کی نقص پالیسیاں ہمیں سڑکوں پر لے آتی ہے تحقیقات کی جائے بلوچستان کے ہسپتالوں میں کتنی کرپشن ہوا ہے۔

شال بقیہ 25

باعث قومی ایئر لائنز (پی آئی اے) سے 17 پائلٹس سمیت 762 ملازمین کو نکالا گیا ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز پر گزشتہ روز کے واقعے پر پوری قوم اور اپنی پارٹی کی طرف سے افسوس کا اظہار کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جنہوں نے یہ ظلم کیا ان کا کوئی مذہب ہی نہیں ہے، ان پر لعنت بھیجتا ہوں اور اس واقعے پر پر زور مذمت بھی کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز گیارہ جماعتوں نے ایک جلسہ کیا جس میں ملک کے اداروں کے خلاف باتیں ہوئیں، ان گیارہ جماعتوں اور ان ملک دشمن عناصر میں کوئی فرق نہیں، گیارہ بے غیرتوں نے تارگٹ اداروں پر حملہ کیا، ان کا اور ملک دشمن عناصر کا ایک ہی ایجنڈا ہے، ان کا پاکستان اور پاکستانیت سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ انکو شرم آنی چاہیئے کہ پاکستان کا کھا کر پاکستان کی افواج کے خلاف باتیں کرتے ہیں، یہ اپنے مقصد میں ناکام ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ جلسہ کرنا سیاسی جماعتوں کا حق ہے مگر اپنی کرپشن بچانے کے لئے عوام کو گمراہ نہ کریں، قومی سلامتی کے اداروں کا انکار رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیماری آدمی کی سوچ بھی بیمار ہے اس لئے پاکستانی اداروں کے خلاف باتیں کررہے ہیں، جتنے مرضی جلسے کرلو عوام گمراہ نہیں ہوگئے، ہمارے جلسوں سے عوام کو شعور ملا، ان کے جلسے سے سوائے انتشار کے کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی آئی اے کو پرائیویٹائز نہیں کیا جارہا اور نہ ہی کوہ اس کا ادارہ بیچا جارہا ہے، یہ صرف پروپیگنڈا ہے، ہم اداروں کو مضبوط بنانے کے لئے کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم پر صرف ایک ہے بوجھ ہے کہ قوم کو ضروریات زندگی وافر مقدار میں مہیا کرنا ہے۔

شال بقیہ 26

طور پر 42 ہزار 7 سو 25 افراد موجود ہیں، اور بلیک لسٹ سے افراد کو نکالنے کا فیصلہ تمام متعلقہ محکموں کی مشاورت سے کیا گیا۔ وزیر داخلہ اعجاز شاہ کی زیر صدارت وزارت داخلہ کی جائزہ کمیٹی کے اجلاس میں وزیر داخلہ نے ہدایت کی کہ پاسپورٹ اور امیگریشن ڈائریکٹوریٹ شہریوں کی سہولت کے ہر ممکن اقدامات کرے، جائزہ کمیٹی کے اجلاس میں میرٹ پر بلیک لسٹ قرار دیئے گئے افراد کا نام نکالنے پر غور کیا جائے گا۔ جائزہ کی ہدایت پر کمیٹی کا اجلاس سال میں 2 بار باقاعدگی سے منعقد ہوگا، جائزہ کمیٹی میں بلیک لسٹ قرار دیئے گئے افراد کا نام نکالنے کے لیے متعلقہ اداروں سے مشاورت کی جائے گی۔

شال بقیہ 27

ہے، مہنگائی بے روزگاری اور ابدامنی عروج پر ہے، لوگ آٹے اور چینی کیلئے مارے مارے پھر رہے ہیں، عوام اپنے مسائل کا حل چاہتے ہیں تو انہیں دیانتدار اور خوف خدا رکھنے والی قیادت کا انتخاب کرنا ہوگا، حکومت معاشی بہتری چاہتی ہے تو اسے سودی معیشت سے تائب ہونا پڑے گا، جماعت اسلامی ملک میں نظام مصطفیٰ کی جدوجہد کررہی ہے۔ اللہ کا عطا کردہ نظام ہی ہماری تمام پریشانیوں کا علاج ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں مختلف وفود سے ملاقاتوں کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ ماضی کی طرح یہ حکومت بھی سمجھتی ہے کہ اپنی مدت پوری کرنا ہی بڑا کارنامہ ہے۔

شال بقیہ 28

زمانہ واپس نہیں آئے گا کہ پاکستان کو کسی طرح کی معاونت دیدی اور خیرات دیدی تو آپ ہمارے لئے یہ کچھ کردیں، چین ہمارا پارٹنر ہے امریکہ سمیت کوئی بھی آئے آئے سرمایہ اکرے ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہم اسے اکنامک جسز دینے کیلئے تیار ہیں، پاکستان کی عسکری اور سیاسی قیادت ایک صفحے پر ہے، جب تک پاکستان کی اقتصادی ترقی نہیں ہو گی ملک آگے نہیں بڑھے گا۔ لاہور پریس کلب کے پروگرام میٹ دی پریس میں اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر معید یوسف نے کہا کہ میرے انٹرویو کے بعد نوے فیصد جو فیڈ بیک ملا یا اس پر بات ہوئی تو اس میں کہا گیا کہ پہلی بار ہم نے دو ٹوک الفاظ میں موقف دیا ہے، اس کا مطلب ہے کہ ہم کیس پہلے ڈرڈر کر پیش کرتے رہے ہیں، اس میں ڈرنے کے لئے ہے کیا، ہم نے کوئی چوری کی ہے۔

شال بقیہ 29

نیشنل پارٹی خواتین رہنماں نے کہا کہ 25 اکتوبر کے جلسہ عام میں خواتین کثیر تعداد میں شرکت کرکے موجودہ سلیکٹڈ حکومت سے ملک اور عوام کو نجات دلانے کیلئے عملی کردار ادا کریں گے۔ غیر جمہوری حکومت نے تو انتخابات میں عوام کا حق چھین لیا لیکن اب عوام اپنی طاقت سے ان نااہل حکمرانوں کو مقدس ایوانوں سے باہر کریں گے۔ نیشنل پارٹی خواتین ونگ کی موبائلزیشن سرگرمیاں بہت ہی عمدہ ہے اور اس جوش ولگن کو بروئے کار لاتے ہوئے 25 اکتوبر میں جلسہ عام بھرپور شرکت دکھائے گے۔ رہنماں نے کہا کہ ملک میں بالعموم ہر مکتبہ فکر اور بالخصوص خواتین کے ساتھ ناروا سلوک و پالیسیاں جاری ہے۔ خواتین کو غیر اخلاقی رویوں کا شدید سامنا ہے۔ جن کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی۔

شال بقیہ 30

رقم کردی ہے انہوں نے کہا کہ جلسے میں عوامی شرکت نے ثابت کردیا ہے کہ انہوں نے عمران خان کی نااہل حکومت کو مسترد کردیا ہے انہوں نے کہا کہ ملک نازک دور سے گزر رہا ہے۔

شال بقیہ 31

کے پہلے جلسے سے ہی وہ حواس باختہ ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان خود کرپشن کی ایک عظیم داستان ہیں، عمران خان اپنی کرپشن چھپانے کے لئے دوسروں پر الزام تراشیاں کرتے ہیں۔

شال بقیہ 32

تاہم آرمیڈیا کی جانب سے ابھی تک ذمہ داری قبول نہیں کی گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق آذربائیجان کے دوسرے بڑے شہر گانچ میں میزائل رہائشی علاقے میں گرا جس سے کئی گھر تباہ ہو گئے۔ آذربائیجان نے میزائل حملے کا ذمہ دار آرمیڈیا کو قرار دے دیا تاہم آرمیڈیا کی جانب سے ابھی تک ذمہ داری قبول نہیں کی گئی۔

شال بقیہ 33

اور یہ اقدام قومی وحدتوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈنی کے مترادف ہے نیشنل پارٹی سندھ کے صدر تاج مری نے اس موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے کہا سندھ و بلوچستان کے لوگ لاوارث نہیں ہیں کہ کوئی ان کی سرزمین پر سازشوں کے ذریعے قبضہ جمالے۔

شال بقیہ 34

گوجرانوالہ کا کامیاب جلسہ حکومت کیخلاف ریفرنڈم ہے، سانحہ کارساز کی برسی کے حوالے سے آج پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے دفتر اور تمام ضلعی ہیڈ کوارٹرز میں تقریبات منعقد ہوگی، حکومت کے تمام اوچھے ہتھکنڈوں کے باوجود سیاسی کارکنان نے

عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ کسی صورت قبول نہیں، عبدالمالک بلوچ

مہنگائی اور بے روزگاری کے خلاف عوام پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے کراچی جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں

عوام کے جمہوری سیاسی حقوق اور ووٹ کے تقدس کیلئے پی ڈی ایم کی قیادت باہر نکل چکی ہے، موجودہ حکومت عوام پر بوجھ بن چکا ہے اس کا جانا اٹل ہے، مرکزی صدر نیشنل پارٹی

کراچی (کوئٹہ) (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا کر سلیکٹیڈ حکمرانوں کو کامیاب بنایا گیا عوام کے ووٹ کے تقدس کو برقرار رکھنے کے لیے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی قیادت سڑکوں پر نکل چکے ہیں اب سلیکٹیڈ حکمرانوں کے دن ختم ہونے کو ہیں مہنگائی بیروزگاری موجودہ حکومت کے عوام کے لیے تحفے ہیں جب تک ملک میں عوام کی حکمرانی نہیں ہوگی پارلیمنٹ اور ووٹ کا تقدس بحال نہیں ہوگا حقیقی تبدیلی ممکن نہیں ہے الیکشن محل میں مداخلت بند ہونا چاہیے عوام جس کو ووٹ دیں وہی نمائندہ ہو زبردستی الیکشن محل کو سبوتاژ کرنے کا سلسلہ بند کرنا ہوگا انھوں نے کہا کہ پاکستان غیر جمہوری

جتیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

گڑھی خیرو وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر میر اعجاز خان جکھرانی ٹھلیانی ہاؤس پر تعزیت کرتے ہوئے

جشن عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے تنظیمات اہلسنت کا اجلاس آج ہوگا

جامع مسجد میاں محمد اسماعیل میں ہونے والی میٹنگ میں تقریبات کو حتمی شکل دی جائیگی

آقا ﷺ کی آمد اللہ تعالیٰ کا ہم پر عظیم احسان ہے، آصف بٹ صدر انجمن خدام المسلمین

کوئٹہ (این این آئی) انجمن خدام المسلمین کے صدر آصف بٹ نے استقبال ربیع الاول کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اس سال بھی جشن عید میلاد النبی ﷺ بھرپور انداز میں منایا جائیگا اس سلسلے میں تمام تنظیمات اہلسنت کا اجلاس آج بروز اتوار صبح دس بجے جامع مسجد میاں محمد اسماعیل میں طلب کیا گیا ہے تمام تنظیمات اہلسنت کے سربراہان سے گزارش ہے کہ وہ بروقت شرکت کریں تاکہ مشاورت سے جشن عید میلاد النبی ﷺ کی تقریبات کو حتمی شکل دی جاسکے، انہوں نے مزید کہا

جتیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سے چلنے والی تمام ریل گاڑیوں کو بحال کیا جائے، ریل مزدور محاذ

کوئٹہ (آن لائن) ریل مزدور محاذ نے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ سے چلنے والی تمام ریل گاڑیوں کو بحال کیا جائے محنت کش اپنے مطالبات منوانے کیلئے متحد ہیں ریل مزدور محاذ کا ہنگامی اجلاس محل محمد گوگی کی صدارت میں ہوا جس

جتیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

گوجرانوالہ کا کامیاب جلسہ حکومت کیخلاف ریفرنڈم ہے، علی مدد جتک

سانحہ کارساز کی برسی کے حوالے سے آج پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے دفتر اور تمام ضلعی ہیڈکوارٹرز میں تقریبات منعقد ہونگی

حکومت کے تمام اوچھے ہتھکنڈوں کے باوجود سیاسی کارکنان نے گوجرانوالہ میں میلہ سجا کر دکھایا، سید اقبال شاہ اور سردار سربلند جوگیزئی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ اور سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی نے سانحہ کارساز کے شہداء کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ کارساز کے شہید جیالے کارکنان نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے جمہوریت کو جلا بخشی جن کی قربانی کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

جتیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول حاجی گجو خان کھوسہ اسکول کی بلڈنگ خستہ حالی کا شکار ہوگئی ہیں

تیمروین (نامہ نگار) صحبت پور کے علاقے گوٹھ حاجی گجو خان کھوسہ میں قائم گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول حاجی گجو خان کھوسہ اسکول کی بلڈنگ خستہ حالی کا شکار ہوگئی ہیں رپورٹ کے مطابق صحبت پور کے علاقے میں قائم گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول حاجی گجو خان کھوسہ اسکول کی بلڈنگ جو کہ دو کمروں پر مشتمل ہے جس کے

جتیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

شہر میں مقامی سطح پر بجلی کے لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع

ژوب (آن لائن) شہر میں مقامی سطح پر بجلی کے لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع گزشتہ چند دنوں سے شہر کے مختلف فیڈروں پر سلسلہ وار 20 گھنٹوں کیلئے بجلی مکمل بند کردی جاتی ہے شاہین چوک فیڈر کا ایک بہت بڑا حصہ مکمل تاریکی میں ڈوبا ہوا ہے اور اس حصے کے بجلی 20 گھنٹوں کیلئے مکمل بند کردیا ہے

جتیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

وزیراعظم عمران خان کی طرف سے احساس رجسٹریشن پروگرام تحصیل آفس صحبت پور میں شروع ہوچکا

تیمروین (نامہ نگار) وزیراعظم عمران خان کی طرف سے احساس رجسٹریشن پروگرام تحصیل آفس صحبت پور میں شروع ہوچکا احساس رجسٹریشن سینٹر صحبت پور میں باقاعدہ رجسٹریشن صبح 9 بجے سے شام 5 تک جاری رہے

جتیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

محکمہ ایجوکیشن کی اراضی پر کسی طرح بھی ہم قبضہ ہونے نہیں دینگے، پیر غلام شاہ جیلانی

تحصیلدار اوتھل کے جانبدارانہ رویہ کی بنا پر انکا تبادلہ کیا جائے اور کمی نیچی آفیسر کو یہ کیس دیا جائے

اوتھل (این این آئی) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان اوتھل سرکل کے صدر پیر غلام شاہ جیلانی، جنرل سیکرٹری احسان الحق بلوچ، آرگنائزر عطاء اللہ ہمدم بروہ، امام بخش سیماب، خان محمد بلوچ، امام بخش انگاریہ، خلیفہ عبداللطیف بروہ، محمد یوسف درانی اور دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں تحصیلدار اوتھل لینڈ مافیا کے سرغنہ ہے اور کرپشن کے بادشاہ ہیں۔ موصوف اپنی ڈاکٹری چھوڑ کر پیسے کمانے تحصیلداری کی پوسٹ لیکر پیسے کمانے سونے کی چڑیا لسبیلہ کا رخ کیا اور یہاں لینڈ مافیا کی سرپرستی شروع کرکے محکمہ ایجوکیشن کی اراضی پر لینڈ مافیا کی پشت پناہی کررہے ہیں۔ تحصیلدار اوتھل ایجوکیشن کی متعدد اراضی پر جلد از جلد اپنا فیصلہ سنائیں۔

ڈیرہ اللہ یار چھالیہ کا گڑھ بن گیا کراچی اور اندرون سندھ اسمگلنگ جاری

پولیس ایکسائز کی چشم پوشی بڑے بڑے نام ایرانی تیل کے بعد چھالیہ اسمگلنگ کے کاروبار میں ملوث

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار چھالیہ کا گڑھ بن گیا کراچی اور اندرون سندھ اسمگلنگ جاری پولیس ایکسائز کی چشم پوشی بڑے بڑے نام ایرانی تیل کے بعد چھالیہ اسمگلنگ کے کاروبار میں ملوث ہیں رپورٹ کے مطابق ڈیرہ اللہ یار میں رائس طرز اور لائن کے ہوٹلوں کی دکانیں چھالیہ کے گوداموں میں تبدیل ہوگئے افغان سرحدی شہروں سے روزانہ کروڑوں روپے کا چھالیہ مسافر کوچ و دیگر ٹرانسپورٹ کے ذریعے ڈیرہ اللہ یار پہنچایا جاتا ہے جسکے بعد ٹرکوں کو چرسوں اور دیگر گاڑیوں کے ذریعے کراچی

جتیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، حاجی عبیداللہ اور ڈاکٹر ہارون کے والد زقوم خان کی وفات پر مختلف شخصیات فاتحہ خوانی کررہی ہیں

سوئی پولیس کی کاروائی، مفرور ملزم لکھن گرفتار

سوئی (این این آئی) سوئی پولیس کی کاروائی، مفرور ملزم لکھن گرفتار۔ ڈی آئی جی بی ایچ بی سید فدا حسین شاہ اور ایس پی ڈیرہ بگٹی فلائٹ لیفٹیننٹ

جتیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

ٹرانسفر اور پوسٹنگ سروس کا حصہ ہے، عبدالحق عمرانی

علاقے کے عوام کی جانب سے جو عزت ملی وہ ہمیشہ یاد رکھیں گے

قلات (آن لائن) ٹرانسفر اور پوسٹنگ سروس کا حصہ ہے قلات میں جتنا وقت گزارا وہ ہمیشہ یادگار رہے گا علاقے کے عوام کی جانب سے جو عزت ملی وہ ہمیشہ یاد رکھیں گے قلات پولیس مثالی پولیس ہے شہدا کی قربانیاں ملک وقوم کیلئے ہیں انکی قربانیوں

جتیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

موجودہ مسائل سے نجات کا واحد حل غیر جانبدار شفاف انتخابات میں ہے، اصغر اچکزئی

پاکستان جمہوری تحریک ملک میں جمہوریت کی بحالی، عدلیہ کی آزادی، آئین کی بالادستی کیلئے جدوجہد کررہی ہے

پارلیمنٹ کی بالادستی، آئین کی حکمرانی، ووٹ کو عزت، جمہوری نظام اور عدلیہ کی آزادی پی ڈی ایم کی جمہوری تحریک کی ترجیح ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ موجودہ مسائل اور مصیبتوں سے نجات کا واحد حل غیر جانبدار شفاف انتخاب میں ہے، پارلیمنٹ کی بالادستی، آئین کی حکمرانی، ووٹ کو عزت، جمہوری نظام اور عدلیہ کی آزادی پی ڈی ایم کی جمہوری تحریک کی ترجیح ہے، پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی تحریک بحالی جمہوریت پاکستان کی دنیا میں بہتر

جتیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

بی این پی کے رہنما آغا موسیٰ جان بلوچ میر رؤف مینگل نکری شفقت لانگو اور میر حاجی یعقوب لانگو کے مابین اہم ملاقات

گیس کی لوڈشیڈنگ عوام کیلئے وبال جان بن گئی

گھریلو خواتین کو کھانے کی اشیاء اور بچوں کو تیار کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں سیٹلائٹ ٹاؤن، اسپینی روڈ، پشتون آباد، مشرقی بائی پاس، موسیٰ کالونی، غلجی کالونی میں گیس کی لوڈشیڈنگ عوام کیلئے وبال جان بن گئی، گھریلو خواتین کو کھانے کی اشیاء اور بچوں کو تیار کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، عوام کی جانب سے بارہا احتجاج کے باوجود مسئلہ جوں کا توں ہے، عوامی حلقوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ سوئی سدرن گیس کمپنی کا قبلہ درست کرائیں

جتیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

بلڈ پریشر کی مریضوں کی تعداد میں اضافہ لمحہ فکریہ ہے، ڈاکٹر نقیب اللہ اچکزئی

خاموش قاتل بلڈ پریشر کے حوالے سے آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) صحت کی سہولیات کو مزید بہتر بنانے اور مختلف موذی بیماریوں کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے کیلئے مگر جدوجہد اور دستیاب وسائل کو بروئے کار لانا ہوگا بلڈ پریشر کی مریضوں کی تعداد میں اضافہ لمحہ فکریہ ہے احتیاطی تدابیر اختیار کرکے موذی بیماری سے بچا جاسکتا ہے ان خیالات کا اظہار وائس چانسلر بولان میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر نقیب اللہ اچکزئی،

جتیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

صفائی نصف ایمان ہے صفائی رکھنا ہر مسلمان اور ہر انسان پر فرض ہے، عطاالمنعم

چند دکاندار پرائس کنٹرول کمیٹی کے ریٹوں سے ہٹ کر اپنے ریٹوں پر گوشت فروخت کررہے ہیں

لورالائی (آن لائن) اسسٹنٹ کمشنر لورالائی عطاالمنعم نے لیویز فورس کی بھاری نفری کے ہمراہ لورالائی بازار کے مختلف روڈوں پر بڑے گوشت چھوٹے گوشت اور مرغی کے گوشت کی دکانوں کا وزٹ کیا اور دکانوں میں صفائی نہ رکھنے والی اور پرائس لسٹ سے زیادہ رقم وصول کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کرتے ہوئے درجنوں دکانوں کو موقع پر جرمانے کرکے ہزاروں روپے جرمانے کی مد میں وصول کیے اسسٹنٹ

جتیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر علی بلوچ کا واشک کے سب تحصیل ناگ کے سرکاری سکولوں اور ہسپتالوں کا دورہ

واشک (آن لائن) اسسٹنٹ کمشنر ہمیہ ڈاکٹر علی بلوچ نے واشک کے سب تحصیل ناگ کے سرکاری سکولوں اور ہسپتالوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے آر ایچ سی ہسپتال ناگ کا دورہ کرتے ہوئے یہاں پر مریضوں کے علاج معالجے کیلئے سہولیات اور ادویات کا معائنہ کیا اور

مریضوں جتیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

کرپشن ایک ناسور ہے نیب کو شفاف احتساب کرنا ہوگا، میر مبارک خان محمد حسنی

ملک کی موجودہ نظام کرپشن اور بدعنوانی کی ترغیب دیتا ہے اور ایماندار باضمیر لوگوں کو کرپشن کرنے پر مجبور کرتا ہے

منگچر (آن لائن) جمعیت علماء اسلام (نظریاتی) صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر مبارک خان محمد حسنی مولانا شاہ محمد رحمت اللہ نقشبندی مولانا منیر احمد نوشکوی مولانا عبدالکریم سالاری مولانا عبدالجبار پندرانی مولانا عبدالسلام جنگ و دیگر رہنماؤں نے

جتیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

ایم کیو ایم ملک کے پسے ہوئے عوام کی نمائندہ جماعت ہے، ملک عمران کاکڑ

ملک کے سرمایہ دار اور جاگیردار ایم کیو ایم کی عوام دوست سیاست سے خائف ہورہے ہیں

تمبو (آن لائن) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے صوبائی صدر ملک عمران کاکڑ نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم ملک کے پسے ہوئے عوام کی نمائندہ جماعت ہے ملک کے سرمایہ دار اور جاگیردار ایم کیو ایم کی عوام دوست سیاست سے خائف ہورہے ہیں اب

جتیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

ترت ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر کوئٹہ ڈویژن محمد عوض بلوچ ایس ایس پی کوئٹہ کی موجودگی میں ایک معروف تھیلیسیمیا سینٹر کی چابیاں حوالے کررہے ہیں

حاجی اصغر ملنگوئی کے گھر پر حملہ امن سیاسی ماحول کو خراب کرنے کی سازش ہے، حاجی غلام حسین بلوچ

اصغر ملنگوئی بی این پی کے ایک مخلص اور نظریاتی ورکر ہے جنہوں نے مشکل دور میں حالات کا مقابلہ کیا

خاران (این این آئی) گزشتہ شب بی این پی کے تحصیل صدر حاجی اصغر ملنگوئی کے گھر پر حملہ کرنے کے خلاف آج ایک احتجاجی ریلی بی این پی کے آفس سے چیف چوک اور پھر پریس کلب پہنچ کر جلسے کی شکل اختیار کی اس موقع پر بی این پی کے مرکزی رہنما حاجی غلام حسین بلوچ تحصیل صدر حاجی اصغر ملنگوئی ضلعی نائب حاجی نصرت اللہ مینگل صدر چیئرمین میر غلام دستگیر مینگل شاہ حسین مینگل بی ایس او کے انفارمیشن سیکرٹری زکریا مینگل و دیگر نے

جتیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

عوامی نیشنل پارٹی شروع دن سے جمہور کی حکمرانی کیلئے جہد کرتی آئی ہے، مابت کاکا

جب تک آئین پر عمل درآمد کو یقینی نہیں بنایا جاتا ملک ترقی کے منازل طے نہیں کرسکتا

مسلم باغ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ اپوزیشن جماعتوں پر مشتمل پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی جانب سے گوجرانوالہ میں کامیاب جلسہ کے انعقاد سے سلیکٹیڈ حکمران حواس باختہ ہوگئے 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں منعقدہ جلسہ عام حقیقی جمہوریت کی بحالی آئین کی بالادستی عدلیہ کی خودمختاری میڈیا کی آزادی کیلئے راہ ہموار

جتیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

بلوچستان ایک بار پھر جمہوریت بچانے کے لئے اول دستے میں کھڑا ہوگا، عبدالقادر بلوچ

25 اکتوبر کو کوئٹہ کے جلسے میں بلوچستان کے عوام مسلم لیگ (ن) کا ساتھ دینے کا اعلان کریں گے، سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ

پاکستان کو بحرانوں کا شکار کرکے ملکی ترقی کو روک دیا گیا ہے آج ملک میں ہر شخص پریشان ہے اور ترقیاتی عمل رکا ہے معیشت تباہ حال ہے قرضے بڑھ رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ اور صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ 25 اکتوبر کو کوئٹہ کے جلسے میں بلوچستان کے عوام مسلم لیگ (ن) کا ساتھ دینے کا اعلان کریں گے بلوچستان ایک بار پھر جمہوریت بچانے کے لئے اول دستے میں کھڑا ہوگا ملک کے مسائل کا حل مسلم لیگ (ن) ممکن بنا سکتی ہے صوبے کے تمام ضلعی عہدیدار جلسے میں بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں یہ بات انہوں نے جلسہ کو پارٹی کے عہدیداروں اور کارکنوں سے خطاب اور ہدایات جاری کرتے ہوئے

جتیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

کراچی، سانحہ کارساز کی برسی آج ہونے والے پی ڈی ایم کے جلسے کے حوالے سے نرسری پی پی پر مسلم لیگ ن کی جانب سے بینرز آویزاں کئے گئے ہیں

یہ اقدام قومی وحدتوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈنی کے مترادف ہے، نیشنل پارٹی سندھ

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی سندھ کے رہنماؤں اور کارکنوں نے این پی سندھ وحدت کے صدر تاج مری کی قیادت میں سندھ الیکشن کمیشن کی کال پر منعقد ہونے والے مظاہرے میں شرکت کی یہ احتجاجی مظاہرہ جزیرہ ڈنگی و بنڈار سمیت سندھ اور بلوچستان کے ساحلوں اور جزیروں پر وفاق کے قبضے کیخلاف کراچی پریس کلب پر منعقد کیا گیا تھا، نیشنل پارٹی سندھ کا اس سلسلے میں موقف ہے کہ وفاقی حکومت کا یہ اقدام سراسر غیر آئینی ہے

جتیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

کل گوجرانوالہ میں پی ڈی ایم کا جلسہ عوامی ریفرنڈم اور حکومت پر بھرپور عدم اعتماد ہیں، مولوی کمال الدین

گوجرانوالہ کے عوام نے اپوزیشن کے حق میں بھرپور فیصلہ دیا اور حکومتی صفوں میں ہلچل مچ گئی

سرائان (آن لائن) کل گوجرانوالہ میں پی ڈی ایم کا جلسہ عوامی ریفرنڈم اور حکومت پر بھرپور عدم اعتماد ہیں ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام صوبائی سینئر نائب امیر ایم این اے صاحبزادہ مولوی کمال الدین نے مختلف عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کل گوجرانوالہ کے عوام نے اپوزیشن کے حق میں بھرپور فیصلہ دیا اور حکومتی صفوں میں ہلچل مچ گئی موجودہ حکومت نے ریاست مدینہ کی آواز بلند کرکے عوام کو دھوکہ دیا۔

سندھ سے سوراب آنے والی کار ونگ کو ہکل کے مقام پر حادثے کا شکار

کرخ (نامہ نگار) سندھ سے سوراب آنے والی کار وگلو کو ہکل کے مقام پر حادثے کا شکار۔ غلام حیدر ولد علی محمد قوم محمد حسنی سکنہ سوراب موقع پر جاں بحق اور رسالدار احمد ولد رسالدار محمد محمد حسنی سکنہ سوراب زخمی۔ اطلاع ملتے ہی کرخ لیویز کے لیویز رسالدار

جتیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کے آغاز نے حکومت کی نیند اڑا دی ہے، میر بلال خان عمرانی

حکومت کے اندر سے ہی اسکے خلاف آوازیں اٹھنی شروع ہوگئی ہیں

ملک کو بحرانوں کا شکار کرنے والی حکومت کے اندر سے ہی اپنے خلاف آوازیں آنے لگ گئی ہیں

تمبو (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژنل صدر میر بلال خان عمرانی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے آغاز نے حکومت کی نیند اڑا دی ہے حکومت کے اندر سے ہی اسکے خلاف آوازیں اٹھنی شروع ہوگئی ہیں، گجرخوالا کے عوام نے اپنا فیصلہ سنا دیا حکمرانوں کو چاہیے کہ اب وہ اپنے ماضی کے دعوے پورے کرتے ہوئے اخلاقی طور پر مستعفی ہوجائیں، یہاں جاری کردہ اپنے ایک بیان میں میر بلال خان عمرانی نے کہا کہ پی ڈی ایم کے پہلے جلسے نے

جتیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

ایک دوسرے کو غدار جیسے القابات سے گریز کیا جائے، سمند خان کاسی

ایسے القابات سے عوام کے ذہنوں میں سیاسی رہنماؤں اور پارٹیوں کے بارے میں غلط تاثر پھیل جاتا ہے

بدقسمتی سے آج دو عناصر دوسروں پر کیچڑ اچھال رہے ہیں جنہوں نے ملکی معیشت کا جنازہ نکال کر مہنگائی کے پہاڑ تلے عوام کو ڈبو دیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتون اتحاد جمہوری پارٹی کے چیئرمین ملک سمند خان کاسی ایڈووکیٹ نے حکمران جماعت سمیت تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں اور سول سوسائٹی کے باشعور افراد اور ہر دام سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک دوسرے کو غدار جیسے القابات سے گریز کیا جائے بلکہ اپنے سیاسی مفادات کے حصول کیلئے ایک دوسرے کو ایسے ناموں سے پکارنا باشعور

جتیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

راولپنڈی نئی چوک کے قریب خیر خواہ حضرات کی جانب سے کھانا تقسیم کیا جارہا ہے

لورالائی انصاف پیدل لانگ مارچ کوئٹہ حکومتی ارکان سے کامیاب مذکرات

سپین مسجد کے مقام پر سینکڑوں افراد نے انکا استقبال کیا شرکاء پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں

لورالائی (آن لائن) لورالائی انصاف پیدل لانگ مارچ کوئٹہ حکومتی ارکان سے کامیاب مذکرات کے بعد کوئٹہ سے لورالائی پہنچا تو سپین مسجد کے مقام پر سینکڑوں افراد نے انکا استقبال کیا شرکاء پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور شرکاء کو ہار پہنائے شرکاء کا بابا خان چوک پہنچنے پر شاندار آتش بازی کا مظاہرہ کیا گیا اور ڈھول کی تاپ پر شرکاء کا استقبال کیا انصاف پیدل کے چیئرمین اسفند یار خان کاکڑ نے سینکڑوں افراد کے ہمراہ شہر کے مختلف

جتیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

صحبت پور ڈسٹرکٹ کرپٹ افسران اور ٹھیکیداروں کے لئے سونے کی چڑیا بنی ہوئی ہے

تیمروین (نامہ نگار) صحبت پور ڈسٹرکٹ کرپٹ افسران اور ٹھیکیداروں کے لئے سونے کی چڑیا بنی ہوئی ہے تحصیل فریدآباد کے گاؤں علی دوست کھوسہ میں لاکھوں روپے کی لاگت سے تعمیر شدہ سکول کی عمارت میں بڑے پیمانے پر کرپشن کئے جانے کا انکشاف ہوا ہے محکمہ تعلیم کے افسران اور مقامی ٹھیکیدار کی ملی بھگت سے سکول میں بیت الخلاء اور مشرقی اور مغربی دیواریں نہیں بنائی گئی ہیں مشرقی دیوار پرائمری سکول کی اور مغربی دیوار گرلز سکول کی

جتیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

ہم ٹیکنوکریٹ کے حقیقی نمائندے ہیں صرف سرکاری سطح پر حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے، میر فیروز شاہ نوتیزئی

ای اکیڈمی سے اسپورٹس بورڈ کوئٹہ کئی دفعہ نیشنل سطح اور انٹرنیشنل سطح پر بھی کھلاڑی دی پائیں

واشعد بن (این این آئی) لاہور اور وزیرستان میں نیشنل سطح پر مقابلوں میں شرکت کے لیے ٹیکنوکریٹ بلوچستان ٹیکنوکریٹ والیبال ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ٹرائلز کے لیے شہید عبید محمد نوتیزئی ٹیکنوکریٹ اکیڈمی اور شہید عطاء اللہ نوتیزئی ٹیکنوکریٹ اکیڈمی صفی اللہ ریکی صدام حسین احمد شاہ ولاور خان اچکزئی کی قیادت ستمبر کی قیادت

جتیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

کوئٹہ جلسے میں بلوچستان کے تمام جمہوریت پسند عوام بھرپور شرکت کریں گے، مولانا بشیر احمد جمالی

اپوزیشن کی حکومت مخالف تحریک نے دھاندلی و سلیکٹرز کی پیداوار سلیکٹیڈ حکومت کو خوف میں مبتلا کردیا ہیں

تمبو (آن لائن) جمعیت علماء اسلام تحصیل تمبو کے جلس شوریٰ اور 25 اکتوبر پی ڈی ایم جلسے کیلئے آگاہی مہم کا اجلاس تحصیل تمبو کے قائم مقام امیر مولانا عبدالحمید بنگ کے زیر صدارت مدرسہ دارالعلوم محمودیہ نوآباد عمرانی شاخ میں سابق ضلعی امیر مولانا عبداللہ بنگ کی میزبانی میں منعقدہ ہوا جس میں ضلعی امیر حضرت مولانا بشیر احمد جمالی اور ضلعی جنرل سیکریٹری

جتیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

حکومتی ارکان اور ان کی فوج ظفر موج نے ملک کا بیڑا غرق اور ہر شعبہ تباہ کردیا، محمد رحیم لہری

آئے روز ٹیکسز اور ہوشربا مہنگائی نے دو وقت کی روٹی کا محتاج اور سفید پوشی کا بھرم رکھنا بھی مشکل بنا دیا ہے

تمبو (آن لائن) پیپلز پارٹی سنی صدر میر محمد رحیم لہری نے بیان میں 25 اکتوبر کے پی ڈی ایم کے تاریخ ساز جلسہ کو صوبے کے مظلوم و محکوم عوام کیلئے نیک شگون قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اوپر سے نیچے تک حکومتی ارکان اور ان کی فوج ظفر موج نے ملک کا بیڑا غرق اور ہر شعبہ تباہ کردیا۔ عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں آئے روز ٹیکسز اور ہوشربا مہنگائی نے دو وقت کی روٹی کا محتاج اور سفید پوشی کا بھرم رکھنا بھی مشکل بنا دیا ہے۔

چمن شہر کے مین شاہراہوں تاج روڈ، مال روڈ اور ٹرنچ روڈ پر بدترین ٹریفک جام

ٹریفک پولیس کا نام نشان تک نہیں صرف تنخواہوں تک محدود، حکام بالا سے نوٹس لینے کی اپیل

چمن (آن لائن) چمن شہر کے مین شاہراہوں تاج روڈ، مال روڈ اور ٹرنچ روڈ پر بدترین ٹریفک جام، ٹریفک پولیس کا نام نشان تک نہیں صرف تنخواہوں تک محدود، حکام بالا سے نوٹس لینے کی اپیل تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے دوسرے نمبر پر بڑے چمن شہر کی ٹریفک نظام بدترین جام کا شکار ہے پولیس، حکام سمیت ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں

جتیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

تربت، سنگانی سرتربت کیریائی اور مقتول گلوکار اور شاعر حنیف چمرک کی بیٹی طیبہ حنیف نے اپنی دیگر تین بہنوں کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے

مولانا عادل خان ناموس صحابہ کرام اور ختم نبوت کی تحریکوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا

دین دشمن دشمنوں نے مسلمانوں کو بہترین جید عالم دین اور عظیم سرمایہ سے محروم کردیا، مولانا محمد عمر عادل

اوتھل (این این آئی) مولانا عادل خان کی شہادت اور بہیمانہ قتل کے خلاف ملک بھر کی طرح ضلع لسبیلہ میں بھی بھرپور احتجاج کیا گیا مساجد میں نماز جمعہ کے اجتماعات سے خطاب میں علماء کرام نے ملک میں جاری کشت و خون کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت وقت سے عوام کی جان و مال کی حفاظت میں ناکامی پر استعفیٰ کا مطالبہ کیا جمعیت علماء

جتیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

گوجرانوالہ کے ناکام شو نے اپوزیشن کو عوام کے علاوہ اپنے کارکنان تک کے سامنے شرمندہ کردیا، پی ٹی آئی

ملکی دشمن کے ایجنڈوں پر کام کرنیوالوں کے جلسے میں عوام نے شرکت نہ کرکے مسترد کردیا

کوئٹہ (این این آئی) پی ٹی آئی کے سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں کہا کہ گوجرانوالہ کے ناکام شو نے اپوزیشن کو عوام کے علاوہ اپنے کارکنان تک کے سامنے شرمندہ کردیا ملکی دشمن کے ایجنڈوں پر کام کرنیوالوں کے جلسے میں عوام نے شرکت نہ کرکے مسترد کردیا کام جلسے کو بیرون ملک دشمن میڈیا نے کامیاب پیش کرنے کی کوششیں نے انکے ایجنڈوں کو بے نقاب کیا پاکستان ڈاکو موومنٹ کو ایک دوسرے سے کریڈٹ اور برتری لینے کے چکر میں ذلیل ہونا پڑا پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے جان بوجھ کر دیر سے پہنچ کر مارچ اور اے پی سی میں اپنے بے عزتی کا بدلا لینے کے ساتھ انکی درمیان ہے

جتیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

بی این پی می